10. $(\cot\theta + \operatorname{cosec}\theta)(\tan\theta - \sin\theta) = \sec\theta - \cos\theta$

11. $\dfrac{\sin\theta + \cos\theta}{\tan^2\theta - 1} = \dfrac{\cos^2\theta}{\sin\theta - \cos\theta}$ 12. $\dfrac{\cos^2\theta}{\sin\theta} + \sin\theta = \operatorname{cosec}\theta$

13. $\sec\theta - \cos\theta = \tan\theta\sin\theta$ 14. $\dfrac{\sin^2\theta}{\cos\theta} + \cos\theta = \sec\theta$

15. $\tan\theta + \cot\theta = \sec\theta\operatorname{cosec}\theta$

16. $(\tan\theta + \cot\theta)(\cos\theta + \sin\theta) = \sec\theta + \operatorname{cosec}\theta$

17. $\sin\theta(\tan\theta + \cot\theta) = \sec\theta$ 18. $\dfrac{1 + \cos\theta}{\sin\theta} + \dfrac{\sin\theta}{1 + \cos\theta} = 2\operatorname{cosec}\theta$

19. $\dfrac{1}{1 - \cos\theta} + \dfrac{1}{1 + \cos\theta} = 2\operatorname{cosec}^2\theta$

20. $\dfrac{1 + \sin\theta}{1 - \sin\theta} - \dfrac{1 - \sin\theta}{1 + \sin\theta} = 4\tan\theta\sec\theta$

21. $\sin^3\theta = \sin\theta - \sin\theta\cos^2\theta$ 22. $\cos^4\theta - \sin^4\theta = (\cos^2\theta - \sin^2\theta)$

23. $\sqrt{\dfrac{1 + \cos\theta}{1 - \cos\theta}} = \dfrac{\sin\theta}{1 - \cos\theta}$ 24. $\sqrt{\dfrac{\sec\theta + 1}{\sec\theta - 1}} = \dfrac{\sec\theta + 1}{\tan\theta}$

7.5 زاویہ صعود اور زاویہ نزول

(Angle of Elevation and Angle of Depression)

تکونیات کا ایک اہم مقصد بغیر پیمائش کیے نقاط کے درمیان فاصلے یا بلندیاں معلوم کرنا ہے۔



شکل 7.5.1

زاویہ صعود (Angle of Elevation)

فرض کریں کہ O، P اور Q تین نقاط ہیں اس طرح کہ نقطہ P نقطہ O کی سطح سے بلند ہو اور نقطہ Q نقطہ O کی سطح سے نیچے ہو۔

عمودی خط PQ نقطہ P اور Q میں سے کھینچیے اور ایک افقی خط OM کھینچیے۔ نقطہ O سے نقطہ P کو دیکھیں تو بننے والا زاویہ MOP، **زاویہ صعود** کہلاتا ہے۔ O سے نقطہ Q کو دیکھنے کے لیے ہمیں اپنی آنکھیں نیچے کی طرف جھکانا پڑتی ہیں اور $\angle MOQ$ **زاویہ نزول** کہلاتا ہے۔



شکل 7.5.2

7.5(i) زاویہ صعود اور زاویہ نزول معلوم کرنا:

(Find Angle of Elevation and Angle of Depression)

فاصلے، بلندیاں اور زاویے معلوم کرنے کے لیے ہم تکونیاتی تفاعل استعمال کرتے ہیں۔ درج ذیل مثالیں ملاحظہ کریں۔

مثال 1: ایک جھنڈے کے پول کی اونچائی 17.9 میٹر ہے جبکہ اس کے سائے کی لمبائی 7 میٹر ہے۔ سورج کا زاویہ صعود معلوم کیجیے۔



حل: تصویر سے واضح ہوتا ہے کہ α زاویہ صعود ہے۔

لہٰذا
$$\tan\alpha = \frac{AC}{BC} = \frac{17.9}{7} \approx 2.55714$$

α کی قیمت معلوم کرنے کے لیے

$$\alpha \approx \tan^{-1}(2.55714)$$
$$\approx (68.6666)^{\circ} \approx 68^{\circ}\,40'$$
$$\Rightarrow \quad \alpha \approx 68^{\circ}\,40'$$

مثال 2: ایک مشاہداتی غبارے کی اونچائی سطح زمین سے 4280 میٹر اور ایک فارم ہاؤس سے 9613 میٹر کی دوری پر ہے۔ مشاہداتی غبارے سے فارم ہاؤس کا زاویہ نزول معلوم کیجیے۔

حل:



اس قسم کے سوالات میں B سے A کا زاویہ صعود اور A سے B کے زاویہ نزول کو برابر لیا جائے گا۔ جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

$$\tan\alpha = \frac{AC}{BC} = \frac{4280}{9613} \approx 0.44523$$
$$\alpha = \tan^{-1}(0.44523) = 24^{\circ}$$

پس زاویہ نزول 24° ہے۔

مشق 7.5

-1 سورج کا زاویہ صعود معلوم کیجیے جبکہ ایک 6 فٹ لمبے آدمی کا سایہ 3.5 فٹ ہے۔

-2 ایک درخت کا سایہ 40 میٹر ہے جبکہ سورج کا زاویہ صعود 25^o ہے۔ درخت کی اونچائی معلوم کیجیے۔

-3 ایک 20 فٹ لمبی سیڑھی دیوار کے ساتھ لگائی گئی ہے جبکہ سیڑھی اور دیوار کا درمیانی فاصلہ 5 فٹ ہے۔ سیڑھی کا زاویہ صعود معلوم کیجیے جو وہ سطح زمین کے ساتھ بناتی ہے۔

-4 ایک مستطیل کا قاعدہ 25 فٹ اور بلندی 13 فٹ ہے۔ مستطیل کے وتر کا زاویہ صعود معلوم کیجیے جو وہ مستطیل کے قاعدے کے ساتھ بناتا ہے۔

-5 زمین سے 80^o کے مستقل زاویے پر ایک راکٹ چھوڑا گیا ہے۔ 5000 میٹر کا فاصلہ طے کرنے کے بعد راکٹ کی زمین سے بلندی معلوم کیجیے۔

-6 پائلٹ 4000 میٹر کی بلندی پر جہاز اڑا رہا ہے۔ وہ جہاز کو 50^o کے زاویے پر ایئرپورٹ پر اتارنا چاہتا ہے۔ ایئرپورٹ سے کتنی دوری سے پائلٹ جہاز کو اتارنا شروع کرے گا؟

-7 ایک پول کے درمیان سے ایک تار زمین کے ساتھ 78.2^o کا زاویہ بناتی ہے۔ تار کا سطح زمین پر پول سے فاصلہ 3 میٹر ہے۔ پول کی بلندی معلوم کیجیے۔

-8 ایک سڑک سطح سمندر سے 5.7^o کا زاویہ ڈھلوان کے ساتھ بناتی ہے۔ فرض کریں کہ ہم سڑک پر اونچائی کی جانب 2 میل کا فاصلہ طے کرتے ہیں۔ بتایئے ہم سطح سمندر سے کتنی بلندی پر ہوں گے؟

-9 ٹیلی وژن کا انٹینا جس کی بلندی 8 فٹ ہے، ایک مکان کی چھت پر نصب ہے۔ زمین سے مکان کی چھت کا زاویہ صعود 17^o اور انٹینا کا زاویہ صعود 21.8^o ہے۔ مکان کی بلندی معلوم کریں۔

-10 ایک مشاہداتی مقام سے دو کشتیوں کا زاویہ نزول بالترتیب 30^o اور 45^o ہے۔ اگر مشاہداتی مقام کی بلندی 4000 فٹ ہو تو دونوں کشتیوں کے درمیان فاصلہ کتنا ہوگا؟

-11 ایک عمودی چٹان کے پائے سے دو جہاز ایک دوسرے سے 120 میٹر کے فاصلے پر ہیں، چٹان کی چوٹی سے جہازوں کا زاویہ نزول بالترتیب 30^o اور 45^o ہے، جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

(a) BC فاصلہ معلوم کریں۔ (b) چٹان کی بلندی CD معلوم کریں۔



-12 ہم دریا کی سطح سے 30 فٹ کی بلندی پر ایک پل پر کھڑے دریا میں تیرتے ہوئے لکڑی کے ٹکڑے کو دیکھ رہے ہیں۔ اگر لکڑی کے ٹکڑے کے اگلے سرے کے ساتھ زاویہ 16.7° اور پچھلے سرے کے ساتھ زاویہ 14° ہو تو ٹکرے کی لمبائی معلوم کیجیے۔



متفرق مشق 7

کثیر الانتخابی سوالات

-1 دیے گئے سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ درست کے لیے (✓) لگائیں۔

(i) دو غیر ہم خط شعاعوں جن کا ایک سِرا مشترک ہو، کا مجموعہ ـــــــــــ کہلاتا ہے۔

(a) زاویہ (b) ڈگری (c) منٹ (d) ریڈین

(ii) پیمائش کا نظام جس میں زاویہ کی پیمائش ریڈین میں کی جاتی ہے ـــــــــــ سسٹم کہلاتا ہے۔

(a) سی جی ایس سسٹم (b) ساٹھ کے اساس کا نظام

(c) ایم کے ایس سسٹم (d) دائروی نظام

(iii) $20^\circ =$ ـــــــــــ

(a) $360'$ (b) $630'$ (c) $1200'$ (d) $3600'$

(iv) $\frac{3\pi}{4}$ ریڈین $=$

(a) 115° (b) 135° (c) 150° (d) 30°

(v) اگر $\tan\theta = \sqrt{3}$ ہو تو $\theta =$ ـــــــــــ

(a) 90° (b) 45° (c) 60° (d) 30°

(vi) $\sec^2\theta =$ ـــــــــــ

(a) $1-\sin^2\theta$ (b) $1+\tan^2\theta$ (c) $1+\cos^2\theta$ (d) $1-\tan^2\theta$

(vii) $\frac{1}{1+\sin\theta} + \frac{1}{1-\sin\theta} =$ ـــــــــــ

(a) $2\sec^2\theta$ (b) $2\cos^2\theta$ (c) $\sec^2\theta$ (d) $\cos\theta$

(viii) $\frac{1}{2}\text{cosec}45^\circ =$ ________

(a) $\frac{1}{2\sqrt{2}}$ (b) $\frac{1}{\sqrt{2}}$ (c) $\sqrt{2}$ (d) $\frac{\sqrt{3}}{2}$

(ix) $\sec\theta\cot\theta =$ ________

(a) $\sin\theta$ (b) $\frac{1}{\cos\theta}$ (c) $\frac{1}{\sin\theta}$ (d) $\frac{\sin\theta}{\cos\theta}$

(x) $\text{cosec}^2\theta - \cot^2\theta =$ ________

(a) -1 (b) 1 (c) 0 (d) $\tan\theta$

2- درجِ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیں۔

(i) زاویہ کی تعریف کیجیے۔

(ii) زاویوں کی پیمائش کا ساٹھ کے اساس کا نظام کیا ہے؟

(iii) دو قائمۃ الزاویوں میں کل کتنے منٹس ہوتے ہیں؟

(iv) زاویہ کی ریڈین میں تعریف کیجیے۔

(v) $\frac{\pi}{5}$ کو ڈگری میں تبدیل کیجیے۔

(vi) 15° کو ریڈین میں تبدیل کیجیے۔

(vii) دائرے پر قوس کی لمبائی 50 میٹر اور اِس کا رداس 25 میٹر ہے مرکز پر بننے والا زاویہ کتنے ریڈین کا ہو گا؟

(viii) جب $l = 56$ میٹر اور $\theta = 45^\circ$ ہو تو r کی قیمت معلوم کیجیے۔

(ix) اگر $\cos\theta = \frac{9}{41}$ اور θ کا اختتامی بازو چوتھے ربع میں ہو تو $\tan\theta$ معلوم کیجیے۔

(x) ثابت کیجیے کہ $(1-\sin^2\theta)(1+\tan^2\theta) = 1$

3- خالی جگہ پُر کریں۔

(i) π ریڈین = ____________ ڈگری۔

(ii) 235° کا اختتامی بازو ____________ ربع میں ہے۔

(iii) -30° کا اختتامی بازو ____________ ربع میں ہے۔

(iv) دائروی علاقہ کا رقبہ ____________ ہے۔

(v) اگر $r = 2$ سم اور $\theta = 3$ ریڈین ہو تو دائروی علاقہ کا رقبہ ____________ ہے۔

(vi) 480° زاویے کی معیاری حالت ____________ ہے۔

(vii) اگر $\sin\theta = \frac{1}{2}$ ہو تو $\theta =$ __________

(viii) اگر $\theta = 300^\circ$ ہو تو $\sec(-300)^\circ =$ __________

(ix) $1 + \cot^2\theta =$ ________

(x) $\sec\theta - \tan\theta =$ ________

خلاصہ

- اگر دائرے کے محیط کو 360 برابر قوسوں میں تقسیم کریں تو دائرے کے مرکز پر ایک قوس سے بننے والے زاویوں کو ایک **ڈگری** کہتے ہیں اور اس کو 1° سے ظاہر کرتے ہیں۔
- دائرے کے مرکز پر ایک قوس کی لمبائی دائرے کے رداس کے برابر ہو، سے بننے والے زاویے کی مقدار ایک **ریڈین** کہلاتا ہے۔
- ریڈین اور ڈگری کے درمیان تعلق

$$1 \text{ ریڈین} = \frac{180^\circ}{\pi} \approx 57.295^\circ \quad \text{اور} \quad 1^\circ = \frac{\pi}{180} \text{ ریڈین} \approx 0.0175 \text{ ریڈین}$$

- مرکزی زاویہ اور دائرے کی قوس کی لمبائی میں تعلق $l = r\theta$ ہے۔
- دائروی قطاع کا رقبہ : $A = \frac{1}{2}r^2\theta$
- دو یا دو سے زیادہ زاویے جن کے ابتدائی بازو اور اختتامی بازو ایک جیسے ہوں، **کوٹرمینل زاویے** کہلاتے ہیں۔
- اگر کسی زاویے کا اختتامی بازو x - محور یا y– محور پر ہو تو اس زاویے کو **ربع زاویہ** کہتے ہیں۔
- اگر عمومی زاویے کا راس (Vertex)، مبدا (Origin) پر ہو اور ابتدائی بازو مستوی میں x– محور کی مثبت سمت میں ہو ایسا زاویہ معیاری صورت میں ہوتا ہے۔
- بنیادی طور پر تکونیاتی نسبتیں چھ ہیں۔ جن کو Cotangent ،Tangent ،Cosine ،Sine، Secant اور Cosecant کہتے ہیں۔
- تکونیاتی مماثلات:

(a) $\cos^2\theta + \sin^2\theta = 1$ (b) $1 + \tan^2\theta = \sec^2\theta$

(c) $1 + \cot^2\theta = \operatorname{cosec}^2\theta$

یونٹ 8

مثلث کے ایک ضلع کا ظِل (سایہ)

(PROJECTION OF A SIDE OF A TRIANGLE)

طلباء اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد درجِ ذیل باتوں سے واقف ہوں گے

درج ذیل اثباتی مسائل بمعہ نتائج صریح کو ثابت کرنا اور متعلقہ سوالات حل کرنے کے لیے ان کا استعمال کرنا۔

- کسی منفرجۃ الزاویہ مثلث میں منفرجہ زاویے کے متقابل ضلع کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعے اور دو چند مستطیلی رقبہ جو ان دو اضلاع میں سے ایک اور اس پر دوسرے کے ظِل سے بنتا ہے، کے برابر ہوتا ہے۔
- کسی مثلث میں حادہ زاویہ کے متقابل ضلع کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعے سے کم دو چند (دو گنا) مستطیلی رقبہ جو ان دو اضلاع میں سے ایک اور اس پر دوسرے کے ظِل سے بنتا ہے، کے برابر ہوتا ہے۔
- کسی مثلث میں کوئی سے دو اضلاع کے مربعوں کا مجموعہ، تیسرے نصف ضلع کے مربع اور اس کے وسطانیہ کے مربع کے مجموعے کا دوچند (دو گنا) ہوتا ہے۔

مسئلہ 1

8.1(i) کسی منفرجۃ الزاویہ مثلث میں منفرجہ زاویے کے متقابل ضلع کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعے اور دو چند مستطیلی رقبہ جو ان دو اضلاع میں سے ایک اور اس پر دوسرے کے ظِل سے بنتا ہے، کے برابر ہوتا ہے۔



معلوم: ABC ایک مثلث ہے جسکے نقطہ A پر BAC منفرجہ زاویہ ہے۔ بڑھے ہوئے ضلع $\overline{BA}$ پر $\overline{CD}$ عمود ہے۔ اس طرح ضلع $\overline{AC}$ کا بڑھے ہوئے $\overline{BA}$ پر $\overline{AD}$ ظِل ہے۔

فرض کریں $AB = c$ ،$CA = b$ ،$BC = a$ ،$AD = x$ اور $CD = h$

مطلوب: $(BC)^2 = (AC)^2 + (AB)^2 + 2(m\overline{AB})\,(m\overline{AD})$

یعنی $a^2 = b^2 + c^2 + 2cx$

ثبوت:

بیانات	دلائل
قائمۃ الزاویہ مثلث CDA میں	
$m\angle CDA = 90^o$	معلوم
$\therefore\ (AC)^2 = (AD)^2 + (CD)^2$	مسئلہ فیثا غورث
یا $b^2 = x^2 + h^2$ (i)	
قائمۃ الزاویہ مثلث CDB میں	
$m\angle CDB = 90^o$	معلوم
$\therefore\ (BC)^2 = (BD)^2 + (CD)^2$	مسئلہ فیثا غورث
یا $a^2 = (c + x)^2 + h^2$	$BD = BA + AD$
$= c^2 + 2cx + x^2 + h^2$ (ii)	
پس $a^2 = c^2 + 2cx + b^2$	(i) اور (ii) کی رو سے

یعنی	$a^2 = b^2 + c^2 + 2cx$
یا	$(BC)^2 = (AC)^2 + (AB)^2 + 2(m\overline{AB})(m\overline{AD})$

مثال: مثلث ΔABC میں $\angle A$ منفرجہ ہے۔ اگر $m\overline{AC} = m\overline{AB}$ ہو تو ثابت کریں کہ $(BC)^2 = 2(m\overline{AB})(m\overline{BD})$ جبکہ بڑھے ہوئے ضلع $\overline{BA}$ پر $\overline{CD}$ عمود ہو۔



معلوم: مثلث ΔABC میں $\angle A$ منفرجہ ہے۔ $m\overline{AC} = m\overline{AB}$ اور بڑھے ہوئے ضلع $\overline{BA}$ پر $\overline{CD}$ عمود ہے۔

مطلوب: $(BC)^2 = 2(m\overline{AB})(m\overline{BD})$

ثبوت:

بیانات	دلائل
$(BC)^2 = (BA)^2 + (AC)^2 + 2(m\overline{BA})(m\overline{AD})$	مسئلہ 1 کی رو سے
$= (AB)^2 + (AB)^2 + 2(m\overline{AB})(m\overline{AD})$	معلوم
$= 2(AB)^2 + 2(m\overline{AB})(m\overline{AD})$	
$(BC)^2 = 2m\overline{AB}(m\overline{AB} + m\overline{AD})$	نقطہ A قطعہ خط $\overline{BD}$ پر واقع ہے۔
$= 2(m\overline{AB})\ (m\overline{BD})$	

مشق 8.1

-1 اگر $m\overline{AC} = 1\text{cm}$، $m\overline{BC} = 2\text{cm}$ اور $m\angle C = 120^\circ$ تو ضلع AB کی لمبائی اور ΔABC کا رقبہ معلوم کریں۔

(اشارہ) $(AB)^2 = (AC)^2 + (BC)^2 + 2\, m\overline{AC}.\, m\overline{CD}$ جبکہ $(m\overline{CD}) = (m\overline{BC}) \cos (180^\circ - m\angle C)$

-2 اگر مثلث ABC میں $\overline{BC}$ کی لمبائی 6 سم، $\overline{AB}$ کی لمبائی $4\sqrt{2}$ سم اور $m\angle ABC = 135^\circ$ ہو تو $m\overline{AC}$ معلوم کیجیے۔

مسئلہ 2

(ii) 8.1 کسی مثلث میں حادہ زاویہ کے متقابل ضلع کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعے سے کم دو چند مستطیلی رقبہ جو ان دو اضلاع میں سے ایک اور اس پر دوسرے کے ظِل سے بنتا ہے، کے برابر ہوتا ہے۔



معلوم: ΔABC میں نقطہ A پر $\angle CAB$ حادہ زاویہ ہے۔

فرض کریں۔ $m\overline{BC} = a\ ,\ m\overline{CA} = b\ ,\ m\overline{AB} = c$

$\overline{CD} \perp \overline{AB}$ کھینچا اِس طرح $\overline{AD}$، ضلع $\overline{AC}$ کا $\overline{AB}$ پر ظِل ہے اور

$m\overline{AD} = x\ ,\ m\overline{CD} = h$

مطلوب: $(BC)^2 = (AC)^2 + (AB)^2 - 2(m\overline{AB})\,(m\overline{AD})$

یعنی $a^2 = b^2 + c^2 - 2cx$

ثبوت:

بیانات	دلائل
قائمۃ الزاویہ ΔCDA میں	
$m\angle CDA = 90^\circ$	معلوم
$(AC)^2 = (AD)^2 + (CD)^2$	مسئلہ فیثاغورث
یعنی (i) $b^2 = x^2 + h^2$	
قائمۃ الزاویہ $\Delta\ CDB$ میں	
$m\angle CDB = 90^\circ$	معلوم
$(BC)^2 = (BD)^2 + (CD)^2$	مسئلہ فیثاغورث
$a^2 = (c-x)^2 + h^2$	بذریعہ شکل
یا (ii) $a^2 = c^2 - 2cx + x^2 + h^2$	
$a^2 = c^2 - 2cx + b^2$	(i) اور (ii) کی رو سے
پس $a^2 = b^2 + c^2 - 2cx$	
یعنی $(BC)^2 = (AC)^2 + (AB)^2 - 2(m\overline{AB})\,(m\overline{AD})$	

مسئلہ 3

8.1 (iii) کسی مثلث میں کوئی سے دو اضلاع کے مربعوں کا مجموعہ، تیسرے نصف ضلع کے مربع اور اس کے وسطانیہ کے مربع کے مجموعے کا دوچند ہوتا ہے۔



معلوم: مثلث ΔABC میں وسطانیہ $\overline{AD}$ ضلع $\overline{BC}$ کی نقطہ D پر تنصیف کرتا ہے۔ یعنی $m\overline{BD} = m\overline{CD}$

مطلوب: $(AB)^2 + (AC)^2 = 2[(BD)^2 + (AD)^2]$

عمل: $\overline{AF} \perp \overline{BC}$ کھینچا۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
ΔADB میں چونکہ $\angle ADB$ حادہ ہے۔	
$(AB)^2 = (BD)^2 + (AD)^2 - 2m\overline{BD}.\ m\overline{FD}$ (i)	مسئلہ 2 کی رو سے
اب ΔADC میں چونکہ $\angle ADC$ نقطہ D پر منفرجہ زاویہ ہے۔	
$(AC)^2 = (CD)^2 + (AD)^2 + 2m\overline{CD}.\ m\overline{FD}$	مسئلہ 1 کی رو سے
$(AC)^2 = (BD)^2 + (AD)^2 + 2m\overline{BD}\ m\overline{FD}$ (ii)	معلوم
$(AB)^2 + (AC)^2 = 2(BD)^2 + 2(\overline{AD})^2$ (iii)	(i) اور (ii) کو جمع کرنے سے
تب	
پس $(AB)^2 + (AC)^2 = 2[(BD)^2 + (AD)^2]$	

مثال 1: ΔABC میں $\angle BCA$ منفرجہ زاویہ ہے۔ جبکہ $\overline{AD} \perp \overline{BC}$، $\overline{BD}$ ضلع $\overline{AB}$ کا $\overline{BC}$ پر ظل ہے۔ ثابت کریں کہ

$$(AC)^2 = (AB)^2 + (BC)^2 - 2m\overline{BC}.m\overline{BD}$$



معلوم: ΔABC میں زاویہ C منفرجہ زاویہ ہے۔ اِس طرح $\angle B$ حادہ زاویہ ہے۔ جبکہ $\overline{BD}$، ضلع $\overline{AB}$ کا بڑھے ہوئے $\overline{BC}$ پر ظِل ہے۔

مطلوب: $(AC)^2 = (AB)^2 + (BC)^2 - 2m\overline{BC} \,.\, m\overline{BD}$

ثبوت:

دلائل	بیانات
	قائمۃ الزاویہ ΔABD میں
مسئلہ فیثا غورث	$(AB)^2 = (AD)^2 + (BD)^2$ (i)
	قائمۃ الزاویہ ΔACD میں
مسئلہ فیثا غورث	$(AC)^2 = (AD)^2 + (CD)^2$ (ii)
$m\overline{BC} + m\overline{CD} = m\overline{BD}$	یا $(AC)^2 = (AD)^2 + (BD - BC)^2$
	$(AC)^2 = (AD)^2 + (BD)^2 + (BC)^2 - 2m\overline{BC}\, m\overline{BD}$ (iii)
(i) اور (iii) کی رو سے	$(AC)^2 = (AB)^2 + (BC)^2 - 2m\overline{BC}\, m\overline{BD}$

مثال 2: متساوی الساقین ΔABC میں اگر $m\overline{AB} = m\overline{AC}$ اور $\overline{BE} \perp \overline{AC}$ ہو تو ثابت کریں کہ
$(BC)^2 = 2m\overline{AC}.m\overline{CE}$

معلوم: متساوی الساقین ΔABC میں $m\overline{AB} = m\overline{AC}$ اور $\overline{BE} \perp \overline{AC}$ جبکہ $\overline{CE}$ ضلع $\overline{BC}$ کا $\overline{AC}$ پر ظِل ہے۔

مطلوب: $(BC)^2 = 2m\overline{AC}.m\overline{CE}$



ثبوت:

دلائل	بیانات
	متساوی الساقین ΔABC میں $m\overline{AB} = m\overline{AC}$ اگر $\angle C$ حادہ زاویہ ہو۔ تو
مسئلہ 2 کی رو سے	$(AB)^2 = (AC)^2 + (BC)^2 - 2m\overline{AC}.m\overline{CE}$
$m\overline{AB} = m\overline{AC}$	$(AC)^2 = (AC)^2 + (BC)^2 - 2m\overline{AC}.m\overline{CE}$
دونوں جانب $(AC)^2$ منہا کریں	$\Rightarrow \quad (BC)^2 - 2m\overline{AC}.m\overline{CE} = 0$
	یا $(BC)^2 = 2m\overline{AC} \,.\, m\overline{CE}$

مشق 8.2

-1 ΔABC میں ضلع $\overline{BC}$ کی پیمائش کریں جبکہ $m\overline{AB} = 6\text{cm}$، $m\overline{AC} = 4\text{cm}$ اور $m\angle A = 60^\circ$ ہے۔

-2 مثلث ABC میں $\overline{AB}$ کی لمبائی 6 سم، $\overline{BC}$ کی لمبائی 8 سم، $\overline{AC}$ کی لمبائی 9 سم اور نقطہ D، $\overline{AC}$ کا وسطی نقطہ ہے۔ وسطانیہ $\overline{BD}$ کی لمبائی معلوم کریں۔

-3 متوازی الاضلاع $ABCD$ میں ثابت کریں کہ

$$(AC)^2 + (BD)^2 = 2\,[(AB)^2 + (BC)^2]$$

متفرق مشق 8

.1 ΔABC میں $m\angle A = 60^\circ$ ہو تو ثابت کریں کہ $(BC)^2 = (AB)^2 + (AC)^2 - m\overline{AB}\,.\,m\overline{AC}$

.2 ΔABC میں $m\angle A = 45^\circ$ ہو تو ثابت کریں کہ $(BC)^2 = (AB)^2 + (AC)^2 - \sqrt{2}\,m\overline{AB}\,.\,m\overline{AC}$

-3 ΔABC میں $m\overline{BC}$ معلوم کریں جبکہ $m\overline{AB} = 5\text{ cm}$، $m\overline{AC} = 4\text{ cm}$ اور $m\angle A = 60^\circ$

-4 ΔABC میں $m\overline{AC}$ معلوم کریں جبکہ $m\overline{AB} = 5\text{ cm}$ اور $m\overline{BC} = 4\sqrt{2}\text{ cm}$ اور $m\angle B = 45^\circ$

-5 ΔABC میں $m\overline{AB} = 10\text{ cm}$، $m\overline{BC} = 21\text{ cm}$ اور $m\overline{AC} = 17\text{ cm}$ ہو تو $\overline{BC}$ پر ظِل $\overline{AC}$ کی لمبائی معلوم کریں۔

-6 اگر مثلث ABC میں $m\overline{AB} = 10\text{ cm}$، $m\overline{BC} = 21\text{ cm}$، $m\overline{AC} = 17\text{ cm}$ ہو تو ضلع $\overline{BC}$ پر ظِل $\overline{AB}$ کی لمبائی معلوم کریں۔

-7 اگر ΔABC میں $a = 17\text{ cm}$، $b = 15\text{ cm}$ اور $c = 8\text{ cm}$ ہو تو $m\angle A$ معلوم کریں۔

-8 اگر ΔABC میں $a = 17\text{ cm}$، $b = 15\text{ cm}$ اور $c = 8\text{ cm}$ ہو تو $m\angle B$ معلوم کریں۔

-9 مثلث کے اضلاع 5 سم، 7 سم اور 8 سم ہیں۔ کیا وہ حادۃ الزاویہ، منفرجۃ الزاویہ یا قائمۃ الزاویہ ہے؟

-10 مثلث کے اضلاع 8 سم، 15 سم اور 17 سم ہیں۔ کیا وہ حادۃ الزاویہ، منفرجۃ الزاویہ یا قائمۃ الزاویہ مثلث ہے؟

خلاصہ

- کسی نقطہ سے ایک دیے ہوئے قطعہ خط پر عمود کھینچا جائے تو پایۂ عمود کو نقطے کا ظِل یا سایہ کہتے ہیں۔ اگر $\overline{CD} \perp \overline{AB}$ کھینچا جائے تو پایۂ عمود D کو نقطہ C کا ظِل کہیں گے۔



- دیے ہوئے قطعہ خط CD کا کسی دوسرے قطعہ خط AB پر ظِل سے مراد $\overline{EF}$ ہے جو نقطہ E پایۂ عمود C اور نقطہ F پایۂ عمود D، کے درمیان ہوتا ہے، البتہ دے ہوئے عمودی قطعہ خط CD کا ظِل کسی دوسرے قطعہ خط AB پر اس کا ایک نقطہ E ہے جس کی پیمائش صفر ہوتی ہے۔





- کسی منفرجۃ الزاویہ مثلث میں منفرجہ زاویے کے متقابل ضلع کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعے اور دوچند مستطیلی رقبہ جو ان دو اضلاع میں سے ایک اور اس پر دوسرے کے ظِل سے بنتا ہے، کے برابر ہوتا ہے۔
- کسی مثلث میں حادہ زاویہ کے متقابل ضلع کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعے سے کم دوچند مستطیلی رقبہ جو ان دو اضلاع میں سے ایک اور اس پر دوسرے کے ظِل سے بنتا ہے، کے برابر ہوتا ہے۔
- کسی مثلث میں کوئی سے دو اضلاع کے مربعوں کا مجموعہ، تیسرے ضلع کے نصف کے مربع اور اس کے وسطانیہ کے مربع کے مجموعے کا دوچند ہوتا ہے۔

یونٹ 9

دَائرے کاوَتر

(CHORDS OF A CIRCLE)

طلباء اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد درجِ ذیل باتوں سے واقف ہوں گے

درج ذیل اثباتی مسائل بمعہ نتائج صریح کو ثابت کرنا اور متعلقہ سوالات حل کرنے کے لیے ان کا استعمال کرنا۔

- تین غیر خطی نقاط سے ایک اور صرف ایک ہی دائرہ گزر سکتا ہے۔
- دائرے کے مرکز سے کسی وَتر (جو قطر نہ ہو) کی تنصیف کرنے والا قطعہ خط، وَتر پر عمود ہوتا ہے۔
- دائرے کے مرکز سے کسی وَتر پر عمود، اس کی تنصیف کرتا ہے۔
- اگر دائرے کے دو وتر متماثل ہوں تو وہ مرکز سے مساوی الفاصلہ ہوں گے۔
- دائرے کے دو وَتر جو مرکز سے برابر فاصلہ پر ہوں، وہ متماثل ہوتے ہیں۔

دائِرے کے بنیادی تصورات (Basic Concepts of the Circle)

کسی سطح میں متحرک نقطہ P کا وہ راستہ جو ایک معین نقطہ O سے ہمیشہ یکساں فاصلے پر رہے، دائِرہ کہلاتا ہے۔ دائِرہ پر یہ غیر موجود معین نقطہ O دائرے کا مرکز جبکہ مُستقل فاصلہ $\overline{OP}$ اِس کا رداس یا نصف قطر ہے جبکہ متحرک نقطہ P اس کا محیط بناتا ہے۔



شکل (i)

شکل (i) میں رداس کی لمبائی $m\overline{OP} = m\overline{OQ} = m\overline{OT}$ ہے۔ اگر دائِرے کا رداس r ہو تو اِسکا محیط $2\pi r$ ہوتا ہے۔ جبکہ غیر ناطق ہندسہ π کی قیمت، دائرے کے محیط اور اُس کے قطر کی نسبت ہوتی ہے۔



شکل (ii)

دائرے کے محیط کا ایک ٹکڑا ACB دائرے کی قوس ہوتی ہے۔ محیط پر دیے ہوئے دو نقاط کا ملانے والا قطعہ خط AKB ایک وَتر ہے جبکہ مرکز سے گزرنے والا وَتر POQ دائرے کا قطر ہوتا ہے۔

دائِرے کا وہ خطہ جو اس کی قوس اور متعلقہ وَتر نے گھیرا ہو، قطعہ دائِرہ ہوتا ہے۔ شکل (ii) میں دکھایا گیا سیاہ خطہ، صغیرہ قطعہ دائرہ اور ترچھے قطعاتِ خط سے ظاہر کیا گیا خطہ، کبیرہ قطعہ دائرہ ہے۔

دائِرے کے دو رداسی قطعات اور اُن کے متعلقہ قوس سے گِھرا ہوا علاقہ دائرے کا سیکٹر کہلاتا ہے۔

دائرے کے رداسوں کا ایک جوڑا اِس دائرہ کو دو سیکٹروں میں تقسیم کرتا ہے شکل (iii) میں $OAIB$ دائِرے کا

صغیرہ سیکٹر اور $OAJB$ کبیرہ سیکٹر ہو گا۔ دائرے کی قوس AB اس کے مرکز O پر جو زاویہ AOB بناتی ہے۔ اس کو مرکزی زاویہ کہتے ہیں۔



شکل (iii)

مسئلہ 1

9.1(i) تین غیر خطی نقاط سے ایک اور صرف ایک ہی دائرہ گزر سکتا ہے۔



معلوم: مستوی میں تین غیر ہم خط نقاط B، A اور C ہیں۔

مطلوب: تین غیر ہم خط نقاط B، A اور C میں سے ایک اور صرف ایک ہی دائرہ گزر سکتا ہے۔

عمل: نقطہ A کو B سے اور نقطہ B کو C سے ملایا۔ $\overline{AB}$ پر عمودی ناصف $\overrightarrow{DF}$ اور $\overline{BC}$ پر عمودی ناصف $\overrightarrow{HK}$ بنائیں۔ اِس طرح $\overrightarrow{DF}$ اور $\overrightarrow{HK}$ دو غیر متوازی قطعات خط ہیں اور وہ ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطع کرتے ہیں۔ نیز نقاط B، A اور C کو نقطہ O سے ملائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
عمودی ناصف $\overrightarrow{DF}$ پر ہر نقطہ A اور B سے یکساں فاصلے پر واقع ہے۔ خصوصاً (i) $m\overline{OA} = m\overline{OB}$	$\overrightarrow{DF}$، $\overline{AB}$ کا عمودی ناصف ہے۔ (عمل)
اِسی طرح عمودی ناصف $\overrightarrow{HK}$ پر ہر نقطہ B اور C سے یکساں فاصلے پر وَاقع ہے۔	$\overrightarrow{HK}$، $\overline{BC}$ کا عمودی ناصف ہے۔

خصوصاً (ii) $m\overline{OB} = m\overline{OC}$	
اب $\overrightarrow{DF}$ اور $\overrightarrow{HK}$ کا صرف ایک ہی مشترک نقطہ O ہے۔ جو نقاط A، B اور C سے یکساں فاصلے پر واقع ہے۔	
یعنی $m\overline{OA} = m\overline{OB} = m\overline{OC}$	(i) اور (ii) کی رو سے
البتہ O کے علاوہ کوئی ایسا دوسرا نقطہ نہیں۔	
اس لیے مرکز O اور رداس $\overline{OA}$ والا دائرہ نقاط A، B اور C میں سے گزرتا ہے۔	

پس دیے ہوئے تین نقاط A، B اور C میں سے ایک اور صرف ایک ہی دائرہ گزر سکتا ہے۔

مثال: ثابت کریں کہ ایک مستطیل کے راسی نقاط میں سے گزرتا ہوا صرف ایک ہی دائرہ بنایا جا سکتا ہے۔



معلوم: $ABCD$ ایک مستطیل ہے۔

مطلوب: مستطیل $ABCD$ کے راسی نقاط میں سے گزرتا ہوا صرف ایک ہی دائرہ بنایا جا سکتا ہے۔

عمل: مستطیل $ABCD$ کے وتر $\overline{AC}$ اور $\overline{BD}$ ایک دوسرے کو نقطہ O پر ملتے ہیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$ABCD$ ایک مستطیل ہے۔	معلوم
(i) $m\overline{AC} = m\overline{BD}$	مستطیل کے وتر برابر ہوتے ہیں
$\because$ $\overline{AC}$ اور $\overline{BD}$ ایک دوسرے کو نقطہ O پر ملتے ہیں۔	عمل
(ii) $m\,OA = mOC$ اور $mOB = mOD$	مستطیل کے وتر ایک دوسرے کی تنصیف کرتے ہیں
(iii) $\Rightarrow$ $mOA = mOB = mOC = mOD$	(i) اور (ii) کی رو سے
یعنی نقطہ O، مستطیل کے تمام راسوں سے مساوی فاصلے پر واقع ہے۔	
O کو مرکز مان کر بنایا جانے والا دائرہ مستطیل کے راسوں سے گزرتا ہے	
جبکہ $m\overline{OA}$، $m\overline{OB}$، $m\overline{OC}$ اور $m\overline{OD}$ دائرے کے رداس ہیں۔	

مسئلہ 2

9.1 (ii) دائرے کے مرکز سے کسی وَتر (جو قطر نہ ہو) کی تنصیف کرنے والا قطعہ خط، وَتر پر عمود ہوتا ہے۔



معلوم: ایک دائرہ جس کا مرکز O ہے۔ M وتر $\overline{AB}$ کا نُقطہ تنصیف ہے۔ جبکہ وتر $\overline{AB}$ دائرہ کا قطر نہیں ہے۔

مطلوب: وَتر $\overline{OM} \perp \overline{AB}$

عمل: نقاط A اور B کو مرکز O سے ملائیں۔ $\angle 1$ اور $\angle 2$ لکھیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$\Delta OAM \leftrightarrow \Delta\ OBM$ میں	
$m\overline{OA} = m\overline{OB}$	ایک ہی دائرے کے رداس
$m\overline{AM} = m\overline{BM}$	معلوم
$m\overline{OM} = m\overline{OM}$	مشترک
$\therefore \quad \Delta OAM \cong \Delta OBM$	S.S.S ≅ S.S.S
$\Rightarrow \quad m\angle 1 = m\angle 2 \qquad$ (i)	
$m\angle 1 + m\angle 2 = m\angle AMB = 180^o \qquad$ (ii) یعنی	متصل سپلیمنٹری زاویے
$\therefore \quad m\angle 1 = m\angle 2 = 90^o$	(i) اور (ii) کی رو سے
یعنی وتر $\overline{OM} \perp \overline{AB}$	

مسئلہ 3

9.1 (iii) دائرے کے مرکز سے کسی وَتر پر عمود، اُس کی تنصیف کرتا ہے۔



معلوم: مرکز O والے دائرے کا وَتر $\overline{AB}$ ہے۔ اِس طرح کہ وتر $\overline{OM} \perp \overline{AB}$

مطلوب: نقطہ M، وتر $\overline{AB}$ کا وسطی نقطہ ہے۔ یعنی $m\overline{AM} = m\overline{BM}$

عمل: نقاط A اور B کو مرکز O سے ملائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$\Delta OAM \leftrightarrow \Delta OBM$ میں	
$m\angle OMA = m\angle OMB = 90^o$	معلوم
$m\overline{OA} = m\overline{OB}$	ایک ہی دائرے کے رداس
$m\overline{OM} = m\overline{OM}$	مشترک
$\therefore \quad \Delta OAM \cong \Delta OBM$	قائمۃ لزاویہ مثلثان میں $H.S \cong H.S$
پس $m\overline{AM} = m\overline{BM}$	
$\overline{OM}$، وتر $\overline{AB}$ کی تنصیف کرتا ہے۔	

نتیجہ صریح 1: کسی دائرے کے وتر کا عمودی ناصف دائرے کے مرکز سے گزرتا ہے۔

نتیجہ صریح 2: کسی دائرے کا قطر اُس کے دو متوازی وتروں کے وسطی نقاط میں سے گزرتا ہے۔

مثال: دو دائروں کے مراکز کو ملانے والے قطعہ خط کے متوازی خطوط جو دائروں کے متقاطع نقاط میں سے گزرتے ہوں۔ ان کے وہ حصے جو دائرے قطع کرتے ہیں لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔



معلوم: O_1 اور O_2 مراکز والے دو دائرے ایک دوسرے کو نقاط E اور F پر قطع کرتے ہیں۔ نیز قطع شدہ قطعات خط $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$، $\overline{O_1O_2}$ کے متوازی ہیں۔

مطلوب: $m\overline{AB} = m\overline{CD}$

عمل: $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ پر بالترتیب $\overline{PT}$ اور $\overline{RS}$ عمود کھینچیں۔

ثبوت:

دلائل	بیانات
عمل	$PRST$ ایک مستطیل ہے۔
	$\therefore \quad m\,\overline{PR} = m\,\overline{TS} \quad$ (i)
	اب $\quad m\,\overline{PR} = m\,\overline{PE} + m\,\overline{ER}$
مسئلہ 3 کی رو سے	$= \frac{1}{2} m\,\overline{AE} + \frac{1}{2} m\,\overline{EB}$
	$= \frac{1}{2}(m\,\overline{AE} + m\,\overline{EB})$
$m\overline{AE} + m\overline{EB} = m\overline{AB}$	$m\,\overline{PR} = \frac{1}{2}(m\,\overline{AB}) \quad$ (ii)
	اسی طرح $\quad m\,\overline{TS} = \frac{1}{2} m\overline{CD} \quad$ (iii)
(i)،(ii)اور(iii) کی رو سے	$\Rightarrow \quad \frac{1}{2} m\overline{AB} = \frac{1}{2} m\overline{CD}$
	یعنی, $\quad m\overline{AB} = m\overline{CD}$

مشق 9.1

1- ثابت کریں کہ دائرے کے قطر ایک دوسرے کی تنصیف کرتے ہیں۔

2- ثابت کریں کہ دائرے کے دو متقاطع وتر جو مرکز سے نہ گزرتے ہوں وہ ایک دوسرے کی تنصیف نہیں کرتے۔

3- اگر $\overline{AB}$ وتر کی لمبائی 8 سم ہو اور اس کا مرکز سے فاصلہ 3 سم ہو تو اس دائرہ کا قطر معلوم کریں۔

4- ایک دائرہ جس کا رداس 9 سم ہے اور اس کے وتر کا فاصلہ مرکز سے 5 سم ہو تو وتر کی لمبائی معلوم کریں۔

مسئلہ 4

9.1 (iv) اگر دائرے کے دو وتر متماثل ہوں تو وہ مرکز سے مساوی الفاصلہ ہوں گے۔



معلوم: ایک دائرے کا مرکز O ہے۔ اِسکے دو وتر $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ برابر ہیں۔ اِس طرح $\overline{OH} \perp \overline{AB}$ اور $\overline{OK} \perp \overline{CD}$

مطلوب: $m\overline{OH} = m\overline{OK}$

عمل: نقطہ O کو A سے اور O کو C سے ملائیں۔ اس طرح OAH اور OCK دو قائمۃ الزاویہ مثلثان ہیں۔

ثبوت:

دلائل	بیانات
مسئلہ 3 کی رو سے $\overline{OH} \perp \overline{AB}$	$\overline{OH}$، وتر $\overline{AB}$ کی تنصیف کرتا ہے۔
	یعنی (i) $m\overline{AH} = \frac{1}{2} m\overline{AB}$
مسئلہ 3 کی رو سے $\overline{OK} \perp \overline{CD}$	اسی طرح $\overline{OK}$، وتر $\overline{CD}$ کی تنصیف کرتا ہے۔
	یعنی (ii) $m\overline{CK} = \frac{1}{2} m\overline{CD}$
معلوم	لیکن (iii) $m\overline{AB} = m\overline{CD}$
(i) اور (ii), (iii) کی رو سے	اس لیے (iv) $m\overline{AH} = m\overline{CK}$
$\overline{OH} \perp \overline{AB}$ and $\overline{OK} \perp \overline{CD}$ (معلوم)	اب قائمۃ الزاویہ مثلثان کی مطابقت $\Delta OAH \leftrightarrow \Delta OCK$
ایک ہی دائرے کے رداس	$m\overline{OA} = m\overline{OC}$
(iv) کی رو سے ثابت شدہ	$m\overline{AH} = m\overline{CK}$
H. S کے اصول کا موضوعہ	$\therefore \quad \Delta OAH \cong \Delta OCK$
	$\Rightarrow \quad m\overline{OH} = m\overline{OK}$

مسئلہ 5

9.1 (v) دائرے کے دو وتر جو مرکز سے مساوی الفاصلہ ہوں باہم متماثل ہوتے ہیں۔



معلوم: ایک دائرے کا مرکز O اور دو وتر $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ ہیں۔

جب کہ $\overline{OH} \perp \overline{AB}$ اور $\overline{OK} \perp \overline{CD}$

تو $m\overline{OH} = m\overline{OK}$

مطلوب: $m\overline{AB} = m\overline{CD}$

عمل: نقاط A اور C کو نقطہ O سے ملائیں اِس طرح دو قائمۃ الزاویہ مثلثان OAH اور OCK بن گئی ہیں۔

ثبوت:

دلائل	بیانات
	قائمۃ الزاویہ مثلثان $OAH \leftrightarrow OCK$ میں
ایک ہی دائرے کے رداس	$\because$ $m\overline{OA} = m\overline{OC}$
معلوم	$m\overline{OH} = m\overline{OK}$
H.S کے اصول کا موضوعہ	$\therefore$ $\Delta\ OAH \cong \Delta\ OCK$
	پس (i) $m\overline{AH} = m\overline{CK}$
$\overline{AB}$ وتر $\perp$ $\overline{OH}$ (معلوم)	لیکن (ii) $m\overline{AH} = \frac{1}{2}m\overline{AB}$
$\overline{CD}$ وتر $\perp$ $\overline{OK}$ (معلوم)	اسی طرح (iii) $m\overline{CK} = \frac{1}{2}m\overline{CD}$
(i) میں ثابت شدہ	نیز $m\overline{AH} = m\overline{CK}$
(ii) اور (iii) کی رو سے	لہٰذا $\frac{1}{2}m\ \overline{AB} = \frac{1}{2}m\ \overline{CD}$
	یا $m\ \overline{AB} = m\ \overline{CD}$

مثال: ثابت کریں کہ دائرہ میں سب سے لمبا وتر ایک قطر ہی ہوتا ہے۔

معلوم: ایک دائرے کا مرکز O ہے۔ $\overline{AB}$ وتر اور $\overline{CD}$ قطر ہے۔

مطلوب: اگر وتر AB اور قطر $\overline{CD}$ دونوں مختلف ہوں تو $m\overline{CD} > m\overline{AB}$

عمل: نقطہ O کو A اور B سے ملانے سے ΔOAB بنتی ہے۔



ثبوت:

ΔOAB کے دو اضلاع کا مجموعہ اِسکے تیسرے ضلع سے بڑا ہوتا ہے۔ — مثلث کا اصولِ موضوعہ

(i) $m\overline{OA} + m\overline{OB} > m\overline{AB}$ $\Rightarrow$ (جبکہ $\overline{OA}$ اور $\overline{OB}$ ایک ہی دائرہ کے رداس ہیں۔)

(ii) $m\overline{OA} + m\overline{OB} = m\overline{CD}$ نیز $\overline{CD}$ دائرے کا قطر ہے۔ (معلوم)

$m\overline{CD} > m\overline{AB}$ $\Rightarrow$ (i) اور (ii) کی رو سے

یعنی $m\overline{CD} > m\overline{AB}$

پس قطر سب سے لمبا وتر ہوتا ہے۔

مشق 9.2

-1 ایک دائرے کے دو مساوی وتر ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔ ثابت کریں کہ ایک وتر کے قطعات کی لمبائیاں، دوسرے وتر کے متعلقہ قطعات کی لمبائیوں کے برابر ہوتی ہیں۔

-2 ایک دائرے کا قطر $\overline{CD}$، اسکے وتر $\overline{AB}$ کا عمودی ناصف ہے۔ ثابت کریں۔ کہ $m\overline{AC} = m\overline{BC}$

-3 دی ہوئی شکل کے مطابق ایک دائرے کے دو متوازی وتروں $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ کا درمیانی فاصلہ معلوم کریں۔



متفرق مشق 9

کثیر الانتخابی سوالات

-1 درج ذیل سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) دائروی شکل میں ADB کہلاتا / کہلاتی ہے۔

(a) ایک قوس (b) ایک قاطع خط

(c) ایک وتر (d) ایک قطر



(ii) دائروی شکل میں ACB کہلاتا / کہلاتی ہے۔

(a) ایک قوس (b) ایک قاطع خط

(c) ایک وتر (d) ایک قطر



(iii) دائروی شکل میں AOB کہلاتا/کہلاتی ہے۔



(a) ایک قوس (b) ایک قاطع خط

(c) ایک وتر (d) ایک قطر

(iv) دائروی شکل میں دو وتر $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ مرکز سے یکساں فاصلے پر واقع ہیں وہ آپس میں ہونگے۔



(a) متوازی (b) غیر متماثل

(c) متماثل (d) عمود

(v) ایک ہی دائرے کے رداس ہیں۔

(a) تمام برابر (b) قطر سے دوگنا

(c) تمام غیر برابر (d) کسی بھی وَتر سے آدھے

(vi) دائرے کے مرکز سے گزرنے والا وتر کہلاتا ہے۔

(a) رداس (b) قطر (c) قطعہ خط (d) محیط

(vii) دائرے کے وتر کے عمودی ناصف ہمیشہ گزرتے ہیں ________ سے

(a) رداس (b) محیط (c) مرکز (d) قطر

(viii) دائرے کا وہ رقبہ جو دو رداسوں اور اُن کے متعلقہ قوس سے گھرا ہوا ہو کہلاتا ہے۔

(a) دائرے کا محیط (b) دائرے کا سیکٹر

(c) دائرے کا قطر (d) قطعہ دائرہ

(ix) دائرے کے کسی نقطے کا اس کے مرکز تک کا فاصلہ کہلاتا ہے۔

(a) رداس (b) قُطر (c) ایک وتر (d) ایک قوس

(x) دائرے کے کسی نقطہ سے مرکز کو ملانے والا ________ کہلاتا ہے۔

(a) محیط (b) قُطر (c) رداسی قطعہ (d) احاطہ

(xi) مستوی کے تمام نقاط کا سیٹ جو معین نقطہ سے برابر فاصلے پر ہوں ________ کہلاتا ہے۔

(a) رداس (b) دائرہ (c) محیط (d) قطر

(xii) مثلث کو ظاہر کرنے کے لیے علامت ہے۔

(a) $\angle$ (b) Δ (c) $\perp$ (d) $\odot$

(xiii) مکمل دائرے کو تقسیم کیا جاتا ہے۔ __________

(a) 90° (b) 180° (c) 270° (d) 360°

(xiv) دائرہ کتنے غیر خطی نقاط سے گزرتا ہے؟ __________

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) ان میں سے کوئی نہیں

2- درج ذیل اصطلاحات میں فرق بیان کریں۔ اور ان کی بذریعہ اشکال وضاحت کریں۔

(i) ایک دائرہ اور اس کا محیط۔ (ii) ایک دائرے کا وتر اور اِس کا قطر۔

(iii) ایک دائرے کا وتر اور اِسکی قوس۔ (iv) ایک دائرہ میں صغیرہ قوس اور کبیرہ قوس۔

(v) ایک دائرے کا اندرونہ اور بیرونہ۔ (vi) ایک دائرے کا سیکٹر اور قطعہ۔

خلاصہ

- دائرے کا رداس r ہو تو اِسکا محیط $2\pi r$ ہوتا ہے۔
- دائرے کا رداس r ہو تو اِسکا رقبہ πr^2 ہوتا ہے۔
- تین یا تین سے زیادہ نقاط ایک ہی خطِ مستقیم پر واقع ہوں تو انہیں ہم خط نقاط کہتے ہیں بصورت دیگر وہ غیر ہم خط نقاط ہوں گے۔
- مثلث کے راسوں سے گزرنے والا دائرہ محاصر دائرہ کہلاتا ہے۔ جبکہ مثلث کے اضلاع کے عمودی ناصف اِس کے مرکز کی نشاندہی کرتے ہیں۔
- تین غیر خطی نقاط سے ایک اور صرف ایک ہی دائرہ گزر سکتا ہے۔
- دائرے کے مرکز سے کسی وَتر (جو قطر نہ ہو) کی تنصیف کرنے والا قطعہ خطِ، وَتر پر عمود ہوتا ہے۔
- دائِرے کے مرکز سے کسی وَتر پر عمود، اس کی تنصیف کرتا ہے۔
- اگر دائرے کے دو وتر متماثل ہوں تو وہ مرکز سے مساوی الفاصلہ ہوں گے۔
- دائِرے کے دو وَتر جو مرکز سے برابر فاصلہ پر ہوں، وہ متماثل ہوتے ہیں۔

یونٹ 10

دائرے پر مماس
(TANGENT TO A CIRCLE)

طلباء اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد درجِ ذیل باتوں سے واقف ہوں گے

درج ذیل اثباتی مسائل بمعہ نتائج صریح کو ثابت کرنا اور متعلقہ سوالات حل کرنے کے لیے ان کا استعمال کرنا۔

- اگر دائرے کا رداسی قطعہ خط اس کو کسی نقطہ پر ملے اور اس نقطہ پر عمود کھینچا جائے تو وہ عمود دائرے کا مماس ہوتا ہے۔
- دائرے کا مماس اور رداسی قطعہ خط جو نقطہ تماس اور مرکز کو ملائے، ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں۔
- کسی بیرونی نقطہ سے دائرے کے دونوں مماس لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔
- اگر دو دائرے ایک دوسرے کو بیرونی یا اندرونی طور پر مس کریں تو ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ بالترتیب ان کے رداسوں کے مجموعے یا فرق کے برابر ہوتا ہے۔

قاطع خط: ایک ایسا خطِ مستقیم ہے جو دائرے کے محیط کو دو واضح نقاط پر قطع کرے۔ شکل میں دائرہ C_1 کا قاطع خط "l" ہے۔

دائرے کا مماس: ایک ایسا خطِ مستقیم ہے جو دائرے کے محیط کو صرف ایک نقطہ پر مس کرے۔ شکل میں خط $\overleftrightarrow{AB}$ دائرے C_2 کا مماس ہے۔





مسئلہ 1

10.1(i) اگر دائرے کا رداسی قطعہ خط اس کو کسی نقطہ پر ملے اور اس نقطہ پر عمود کھینچا جائے تو وہ عمود دائرے کا مماس ہوتا ہے۔



معلوم: ایک دائرے کا مرکز O اور رداس $\overline{OC}$ ہے۔ خط $\overleftrightarrow{AB}$، رداسی قطعہ خط OC کے نقطہ C پر عمود ہے۔

مطلوب: $\overleftrightarrow{AB}$، دائرے کے نقطہ C پر مماس ہے۔

عمل: $\overleftrightarrow{AB}$ پر نقطہ C کے علاوہ کوئی دوسرا نقطہ P لیں۔ نقطہ O کو P سے ملائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
ΔOCP میں	
$m\angle OCP = 90^\circ$	$\overleftrightarrow{AB} \perp \overline{OC}$ (معلوم)
اور $m\angle OPC < 90^\circ$	قائمۃ الزاویہ مثلث میں ایک حادہ زاویہ

$m\overline{OP} > m\overline{OC}$ نقطہ P دائرے کے باہر واقع ہے اس لیے $\overleftrightarrow{AB}$ کا ہر نقطہ، C کے علاوہ دائرے پر نہیں ہوتا۔ پس $\overleftrightarrow{AB}$ دائرے کو صرف ایک نقطہ C پر مس کرتا ہے۔ یعنی $\overleftrightarrow{AB}$، دائرے کے نقطہ C پر مماس ہے۔	مثلث میں بڑے زاویے کے سامنے بڑا ضلع

مسئلہ 2

10.1(ii) دائرے کا مماس اور رداسی قطعہ خط جو نقطہ تماس اور مرکز کو ملائے، ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں۔



معلوم: ایک دائرے کا مرکز O اور رداس $\overline{OC}$ ہے۔ نیز $\overleftrightarrow{AB}$، دائرے کے نقطہ C پر مماس ہے۔

مطلوب: $\overleftrightarrow{AB}$ اور $\overline{OC}$ ایک دوسرے پر عمود ہیں۔

عمل: خط مماس $\overleftrightarrow{AB}$ پر نقطہ C کے علاوہ ایک دوسرا نقطہ P لیں۔ نقطہ O کو P سے ملائیں۔ $\overline{OP}$ دائرے کو نقطہ D پر قطع کرتا ہے۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$\overleftrightarrow{AB}$ دائرے کے نقطہ C پر مماس ہے۔	معلوم
جبکہ $\overline{OP}$ دائرے کو نقطہ D پر قطع کرتا ہے	عمل
(i) $m\overline{OC} = m\overline{OD}$	ایک ہی دائرے کے رداس
لیکن (ii) $m\overline{OD} < m\,\overline{OP}$	نقطہ P دائرے کے باہر واقع ہے

کیونکہ $m\overline{OC} < m\overline{OP}$ اِس طرح رداس $\overline{OC}$ اُن تمام قطعات خط سے چھوٹا ہے جو نقطہ O سے $\overleftrightarrow{AB}$ تک کھینچے گئے ہیں۔ پس رداس $\overline{OC}$، مماس $\overleftrightarrow{AB}$ پر عمود ہے یعنی $\overline{OC} \perp \overleftrightarrow{AB}$	(i) اور (ii) کی رو سے

نتیجہ صریح: دائرے کا مرکز O ہو تو اِس کے رداس $\overline{OC}$ کے انتہائی نقطہ C پر صرف ایک مماس کھینچا جا سکتا ہے۔ ہم اس سے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ کسی دائرے کے محیطی نقطہ C پر ایک اور صرف ایک خطِ مماس کھینچا جا سکتا ہے۔

مسئلہ 3

10.1 (iii) کسی بیرونی نقطہ سے دائرے کے دونوں مماس لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔



معلوم: ایک دائرے کا مرکز O ہے اور اِسکے بیرونی نقطہ P سے $\overrightarrow{PA}$ اور $\overrightarrow{PB}$ دو مماس ہیں۔

مطلوب: $m\overline{PA} = m\overline{PB}$

عمل: نقطہ O کو A، B اور P سے ملائیں۔ اِس طرح دو قائمۃ الزاویہ مثلثان OAP اور OBP بنتی ہیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
مثلثان $OAP \leftrightarrow OBP$ میں	
$m\angle OAP = m\angle OBP = 90^{\circ}$	دائرے کے رداس، $\overrightarrow{PA}$ اور $\overrightarrow{PB}$ مماسوں پر عمود ہیں۔
$\overline{OP} \cong \overline{OP}$	مشترک وتر
$m\,\overline{OA} = m\,\overline{OB}$	ایک ہی دائرے کے مماس
اس لیے $\Delta\, OAP \cong \Delta\, OBP$	قائمۃ الزاویہ مثلثان میں وتر۔ ضلع کا موضوعہ
پس $m\overline{PA} = m\overline{PB}$	

نوٹ: مماس کی لمبائی کسی دائرے کے بیرونی نقطہ P سے نقطہ تماس تک ہوتی ہے۔

نتیجہ صریح: اگر مرکز O والے دائرے کے بیرونی نقطہ P سے $\overrightarrow{PA}$ اور $\overrightarrow{PB}$ دو مماس کھینچیں جائیں تو $\overline{OP}$، وتر $\overline{AB}$ کا عمودی ناصف ہو گا۔

مثال 1: دیے ہوئے دائرے کا مرکز O اور قطر $\overline{AB}$ ہے، نقاط A اور B پر مماس کھینچے گئے ہیں۔ ثابت کریں کہ دونوں مماس متوازی ہیں۔



معلوم: دیے ہوئے دائرے کا مرکز O اور قطر $\overline{AB}$ ہے۔ خط CD دائرے کے نقطہ A پر مماس ہے اور خط EF دائرے کے B پر دوسرا مماس ہے۔

مطلوب: $\overleftrightarrow{CD} \parallel \overleftrightarrow{EF}$

ثبوت:

بیانات	دلائل
ایک دائرے کا مرکز O اور قطر $\overline{AB}$ ہے	معلوم
$\therefore$ $\overline{OA}$ اور $\overline{OB}$ ایک ہی دائرے کے رداس ہیں۔	
نیز $\overleftrightarrow{CD}$ دائرے کے نقطہ A پر مماس ہے۔	معلوم
اس لیے $\overline{OA} \perp \overleftrightarrow{CD}$	مسئلہ 1 کی رو سے
(i) $\Rightarrow \overline{AB} \perp \overleftrightarrow{CD}$	
اِسی طرح $\overleftrightarrow{EF}$ دائرے کے نقطہ B پر مماس ہے۔	معلوم
اس لیے $\overline{OB} \perp \overleftrightarrow{EF}$	مسئلہ 1 کی رو سے
(ii) $\Rightarrow \overline{AB} \perp \overleftrightarrow{EF}$	
پس $\overleftrightarrow{CD} \parallel \overleftrightarrow{EF}$	(i) اور (ii) کی رو سے ($\overleftrightarrow{CD}$ اور $\overleftrightarrow{EF}$، $\overline{AB}$ پر عمود ہیں)

مثال 2 : ثابت کریں کہ دائرے کے کسی وتر کے سروں پر جو مماس کھینچے جائیں وہ وتر کے ساتھ برابر زاویے بناتے ہیں۔



معلوم: ایک دائرے کا مرکز O ہے اور $\overline{AB}$ وتر ہے۔ $\overleftrightarrow{CAD}$، نقطہ A پر مماس ہے اور $\overleftrightarrow{EBF}$، نقطہ B پر مماس ہے۔

مطلوب : $m\angle BAD = m\angle ABF$

عمل: نقطہ O کو A اور B سے ملائیں۔ اِس طرح ΔOAB بنتی ہے نیز شکل کے مطابق $\angle 1, \angle 2, \angle 3$ اور $\angle 4$ لکھیں۔

ثبوت :

بیانات	دلائل
$\Delta\ OAB$ میں	عمل
$\because$ $m\ \overline{OA} = m\overline{OB}$	ایک ہی دائرے کے رداس
اس لیے (i) $m\angle 1 = m\ \angle 2$	ΔOAB کے مساوی اضلاع کے مخالف زاویے
نیز $\overline{OA} \perp \overleftrightarrow{CD}$	رداس، خط مماس پر عمود ہے
اس لیے (ii) $m\angle 3 = m\angle OAD = 90^{\circ}$	
اسی طرح $\overline{OB} \perp \overleftrightarrow{EF}$	رداس، خط مماس پر عمود ہے
اس لیے (iii) $m\angle 4 = m\angle OBF = 90^{\circ}$	
پس (iv) $m\ \angle 3 = m\ \angle 4$	(ii) اور (iii) کی رو سے
$m\angle 1 + m\angle 3 = m\angle 2 + m\angle 4$	(i) اور (iv) کو جمع کرنے سے
یعنی $m\angle BAD = m\angle ABF$	

مشق 10.1

1- ثابت کریں کہ ایک دیے ہوئے دائرے کے قطر کے سروں پر بنائے گئے مماس آپس میں متوازی ہونگے۔

2- دو ہم مرکز دائروں کے قطر 10 سم اور 5 سم ہیں۔ بیرونی دائرے کے اس وتر کی لمبائی معلوم کریں جو اندرونی دائرے کو مس کرتا ہو۔
(اشارہ) بذریعہ شکل



$$m\overline{AB} = 2x = 2\sqrt{25 - 6.25}$$
$$= 2\sqrt{18.75} \approx 8.7\text{cm}$$

3- $\overleftrightarrow{AB}$ اور $\overleftrightarrow{CD}$ دو دائروں کے مشترک مماس ہیں۔ اگر A اور C پہلے دائرے کے نقاط تماس ہوں جبکہ B اور D دوسرے دائرے کے نقاطِ تماس ہوں تو ثابت کریں کہ $\overline{AC} \parallel \overline{BD}$

مسئلہ 4(A)

10.1 (iv) اگر دو دائرے ایک دوسرے کو بیرونی طور پر مس کرتے ہوں تو ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ ان کے رداسوں کے مجموعہ کے برابر ہوگا۔



معلوم: دو دائرے جن کے مراکز بالترتیب D اور F ہیں۔ یہ دائرے ایک دوسرے کو بیرونی طور پر نقطہ C پر مس کرتے ہیں۔ اِس طرح اِن دائروں کے رداس بالترتیب $\overline{CD}$ اور $\overline{CF}$ ہیں۔

مطلوب: نقطہ C مراکز D اور F کو ملانے والے قطعہ خط پر واقع ہے اور $m\overline{DF} = m\overline{DC} + m\overline{CF}$

عمل: دو دائروں کے نقطہ تماس C پر ایک مشترک مماس $\overleftrightarrow{ACB}$ کھینچیں۔

ثبوت:

دلائل	بیانات
	دونوں دائرے بیرونی طور پر نقطہ C پر مس کرتے ہیں جبکہ $\overline{CD}$ پہلے دائرے کا رداس ہے اور $\overleftrightarrow{ACB}$ مشترک مماس ہے۔
رداس $\overline{CD}$ مماس $\overleftrightarrow{AB}$ پر عمود ہے۔	اس لیے (i) $m\angle ACD = 90^\circ$
	اِسی طرح $\overline{CF}$ دوسرے دائرے کا رداس ہے اور $\overleftrightarrow{ACB}$ مشترک مماس ہے۔
رداس $\overline{CF}$ مماس $\overleftrightarrow{AB}$ پر عمود ہے۔	اس لیے (ii) $m\angle ACF = 90^\circ$
(i) اور (ii) کو جمع کرنے سے	$m\angle ACD + m\angle ACF = 90^\circ + 90^\circ$
متصلہ سپلیمنٹری زاویوں کا مجموعہ	(iii) $m\angle DCF = 180^\circ$
	پس DCF ایک قطعہ خط ہے جس میں نقطہ C، نقاط D اور F کے درمیان واقع ہے۔
	اور $m\overline{DF} = m\overline{DC} + m\overline{CF}$

مشق 10.2

-1 ایک دائرہ جس کا مرکز O ہے۔ $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ اِسکے دو مساوی وَتر ہیں۔ دونوں وَتروں کے وسطی نقاط بالترتیب H اور K ہیں۔ ثابت کریں $\overline{HK}$ دونوں وَتروں $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ کے ساتھ یکساں زاویے بناتا ہے۔

-2 ایک دائرے کا رداس 2.5 سم ہے۔ اِس کے دو وَتر $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ ایک دوسرے سے 3.9 سم کے فاصلے پر واقع ہیں۔ اگر پہلے وتر $\overline{AB}$ کی لمبائی 1.4 سم ہو تو دوسرے وتر کی لمبائی معلوم کریں۔

-3 دو قاطع دائروں کے رداس 10 سم اور 8 سم ہیں۔ اگر اِن کے مشترک وتر کی لمبائی 6 سم ہو تو اُن دائروں کے مراکز کا درمیانی فاصلہ معلوم کریں۔

-4 ثابت کریں کہ کسی دائرے میں سب سے بڑا وتر اس دائرے کا قطر ہوتا ہے۔

مسئلہ 4(B)

10.1 (v) اگر دو دائرے ایک دوسرے کو اندرونی طور پر مس کریں تو ان کا نقطہ تماس ان کے مراکز کو ملانے والا قطعہ خط پر واقع ہوتا ہے اور ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ ان کے رداسوں کے فرق کے برابر ہوتا ہے۔



معلوم: دو دائرے جن کے مراکز بالترتیب D اور F ہیں وہ ایک دوسرے کو اندونی طور پر نقطہ C پر مس کرتے ہیں۔ اِس طرح اِن دائروں کے رداس بالترتیب $\overline{CD}$ اور $\overline{CF}$ ہیں۔

مطلوب: نقطہ C، مراکز D اور F کو ملانے والے خط پر واقع ہے اور $m\,\overline{DF} = m\overline{DC} - m\overline{CF}$

عمل: دونوں دائروں کے نقطہ تماس C پر ایک مشترک مماس $\overleftrightarrow{ACB}$ کھینچیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
دونوں دائرے ایک دوسرے کو اندرونی طور پر نقطہ C پر مس کرتے ہیں۔ جبکہ $\overleftrightarrow{ACB}$ مشترک مماس ہے اور $\overline{CD}$ پہلے دائرے کا رداس ہے۔	
اس لیے (i) $m\angle ACD = 90^\circ$	رداس $\overline{CD}$ مماس $\overleftrightarrow{AB}$ پر عمود ہے۔
اِسی طرح $\overleftrightarrow{ACB}$ مشترک مماس ہے اور $\overline{CF}$ دوسرے دائرے کا رداس ہے۔	
اس لیے (ii) $m\angle ACF = 90^\circ$	رداس $\overline{CF}$ مماس $\overleftrightarrow{AB}$ پر عمود ہے۔
$m\angle ACD = m\angle ACF = 90^\circ$	(i) اور (ii) کی رو سے

	$\angle ACD$ اور $\angle ACF$ مقدار میں برابر ہیں اور نقطہ F، نقاط C اور D کے درمیان واقع ہے۔
	اس لیے $\quad m\overline{DC} = m\overline{DF} + m\overline{FC}$
	یعنی $\quad m\overline{DC} - m\overline{FC} = m\overline{DF}$
	یا $\quad m\overline{DF} = m\overline{DC} - m\overline{FC}$



مثال 1: تین دائروں میں ہر جوڑا آپس میں بیرونی طور پر مس کرتا ہے۔ ثابت کریں کہ مراکز کو ملانے سے بننے والی مثلث کا احاطہ اُن دائروں کے قطروں کے مجموعے کے برابر ہو گا۔

معلوم: s_1، s_2 اور s_3 دائروں کے بالترتیب مراکز نقاط A، B، C اور ان کے رداس r_1، r_2 اور r_3 ہیں۔ دائروں کا ہر جوڑا آپس میں بیرونی طور پر نقاط D، E اور F پر مس کرتا ہے۔ اِس طرح اِن دائروں کے مراکز کو ملانے سے مثلث ABC بنتی ہے۔

مطلوب: مثلث ABC کا احاطہ $= 2r_1 + 2r_2 + 2r_3 = d_1 + d_2 + d_3$

مثلث ABC کا احاطہ = دائروں کے قطروں کا مجموعہ

ثبوت:

بیانات	دلائل
تین دائروں کے مراکز بالترتیب A، B اور C ہیں۔ دائروں کا ہر جوڑا آپس میں بیرونی طور پر نقاط D, E اور F پر مَس کرتا ہے۔	معلوم
اس لیے $\quad m\overline{AB} = m\overline{AF} + m\overline{FB} \quad$ (i)	
$m\overline{BC} = m\overline{BD} + m\overline{DC} \quad$ (ii)	
اور $\quad m\overline{CA} = m\overline{CE} + m\overline{EA} \quad$ (iii)	
$m\overline{AB} + m\overline{BC} + m\overline{CA} = m\overline{AF} + m\overline{FB} + m\overline{BD} + m\overline{DC} + m\overline{CE} + m\overline{EA}$	(i)، (ii) اور (iii) کو جمع کرنے سے

$d_3 = 2r_3$ اور $d_2 = 2r_2$ ، $d_1 = 2r_1$ دائرے کے قطر ہیں	$= (m\overline{AF} + m\overline{EA}) + (m\overline{FB} + m\overline{BD})$ $+ (m\overline{CD} + m\overline{CE})$ ΔABC کا احاطہ $= 2r_1 + 2r_2 + 2r_3$ $= d_1 + d_2 + d_2$ $=$ دائروں کے قطروں کا مجموعہ

مشق 10.3

-1 دو دائرے جن کے رداس 5 سم اور 4 سم ہیں ایک دوسرے کو بیرونی طور پر مَس کرتے ہیں۔ تب 2.5 سم والا ایک دائرہ اِس طرح بنائیں جو پہلے جوڑے کو بھی بیرونی طور پر مَس کرے۔

-2 اگر دو دائروں کے مراکز کا فاصلہ، دائروں کے رداسوں کے مجموعہ یا ان کے فرق کے برابر ہو تو وہ دائرے ایک دوسرے کو مَس کرتے ہیں۔

متفرق مشق 10

کثیر الانتخابی سوالات

-1 دیے ہوئے سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ درست کے لیے (✓) لگائیں۔

(i) متصلہ دائرے کی شکل میں $\overleftrightarrow{PTQ}$ کو کہا جاتا ہے۔

(a) ایک قوس (b) ایک وتر

(c) ایک مماس (d) ایک قاطع خط



(ii) مرکز O والے دائرے میں $\overline{OT}$ رداس ہے اور $\overleftrightarrow{PTQ}$ ایک خطِ مماس ہے تو

(a) $\overline{OT} \perp \overleftrightarrow{PQ}$

(b) $\overleftrightarrow{PQ} \not\perp \overline{OT}$

(c) $\overline{OT} \parallel \overleftrightarrow{PQ}$

(d) $\overleftrightarrow{PQ}$ کا عمودی ناصف $\overline{OT}$ ہے



(iii) دی ہوئی شکل میں نصف دائرے کا رقبہ ہو گا۔ اگر $m\overline{OA} = 20\text{cm}$ اور $\pi \simeq 3.1416$



(a) 62.83 مربع سم (b) 314.16 مربع سم

(c) 436.20 مربع سم (d) 628.32 مربع سم

(iv) دی ہوئی شکل میں نصف دائرے کا احاطہ ہو گا۔ اگر $m\overline{OA} =$ 20 سم اور $\pi \simeq 3.1416$



(a) 31.42 سم (b) 62.832 سم (c) 125.65 سم (d) 188.50 سم

(v) ایک خط جس کے دائرے کے ساتھ دو نقاط مشترک ہوں، کہتے ہیں۔

(a) دائرے کا Sine (b) دائرے کا Cosine

(c) دائرے کا Tangent (d) دائرے کا Secant

(vi) ایک خط جس کا دائرے کے ساتھ صرف ایک نقطہ مشترک ہو، کہتے ہیں۔

(a) دائرے کا Sine (b) دائرے کا Cosine

(c) دائرے کا Tangent (d) دائرے کا Secant

(vii) ایک دائرے کے بیرونی نقطہ سے دو کھینچے گئے مماس لمبائی کے لحاظ سے ------- ہوتے ہیں۔

(a) نصف (b) برابر (c) دوگنا (d) تین گنا

(viii) ایک دائرے کا صرف ایک ہی ------- ہوتا ہے۔

(a) خطِ قاطع (b) وَتر (c) قطر (d) مرکز

(ix) ایک خطِ مماس دائرے کو ------- کاٹتا ہے۔

(a) تین نقاط پر (b) دو نقاط پر (c) ایک نقطہ پر (d) کسی نقطہ پر بھی نہیں

(x) دائرے کے قطر کے سروں پر کھینچے گئے مماس آپس میں ۔۔۔۔۔۔۔ ہوتے ہیں۔

(a) متوازی (b) غیر متوازی (c) ہم خط (d) عمود

(xi) دو بیرونی طور پر مَس کرنے والے مساوی دائروں کے مراکز کا فاصلہ ہوتا ہے۔

(a) صفر لمبائی (b) دائرے کا رداس

(c) دائرے کا قطر (d) دائرے کے قطر کا دوگنا

(xii) دیے ہوئے دائرے کی شکل میں مرکز O اور رداس 5 سم ہے۔ اگر ایک وتر مرکز سے 4 سم کے فاصلے پر ہو تو وتر کی لمبائی ہو گی۔



(a) 4 سم (b) 6 سم (c) 7 سم (d) 9 سم

(xiii) دیے ہوئے دائرے کی شکل میں مرکز O اور قطر $\overline{AB}$ ہے۔ اگر $m\angle AOC = 120^{o}$ اور $\overline{AB} \parallel \overline{DC}$ تو $m\angle ACD$ کے برابر ہوتا ہے۔



(a) 40^{o} (b) 30^{o} (c) 50^{o} (d) 60^{o}

خلاصہ



- **قاطع** خط ایک ایسا خط مستقیم ہے جو دائرے کے محیط کو دو واضح نقاط پر قطع کرے۔ شکل میں قاطع $\overleftrightarrow{CD}$ دائرہ کو دو واضح نقاط P اور Q قطع کرتا ہے۔
- دائرے کا **مماس** ایک ایسا خط ہے۔ جو دائرے کے محیط کو صرف ایک نقطہ پر مس کرتا ہے۔ شکل میں دائرے کے نقطہ T پر $\overleftrightarrow{AB}$ مماس ہے۔
- مماس کی لمبائی دائرے کے کسی بیرونی نقطہ سے **نقطہ تماس** تک ہوتی ہے۔
- اگر دائرے کے کسی نقطہ میں سے گزرنے والے رداسی قطعہ خط پر اُسی نقطہ سے عمود کھینچا جائے تو وہ عمود دائرے کا مماس ہوتا ہے۔
- دائرے کا مماس اور رداسی قطعہ خط جو نقطہ تماس اور مرکز کو ملائے ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں۔
- کسی بیرونی نقطہ سے دائرے پر کھینچے گئے دونوں مماس لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔
- اگر دو دائرے ایک دوسرے کو بیرونی یا اندرونی طور پر مس کریں تو ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ بالترتیب ان کے رداسوں کے مجموعے یا فرق کے برابر ہوتا ہے۔

یونٹ 11

وَتر اور قَوسیں

(CHORDS AND ARCS)

طلباء اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد درجِ ذیل باتوں سے واقف ہوں گے

درج ذیل اثباتی مسائل بمعہ نتائج صریح کو ثابت کرنا اور متعلقہ سوالات حل کرنے کے لیے ان کا استعمال کرنا۔

- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو قوسیں متماثل ہوں تو ان کے وتر لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔
- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو وتر لمبائی میں برابر ہوں تو وہ دو متماثل قوسیں قطع کرتے ہیں۔
- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو وتر لمبائی میں برابر ہوں تو ان سے بننے والے مرکزی زاویے بھی مقدار میں برابر ہوتے ہیں۔
- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو مرکزی زاویے مقدار میں برابر ہوں تو ان زاویوں کو بنانے والے وتر لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔

مسئلہ 1

دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو قوسیں متماثل ہوں تو اُن کے وَتر لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔



معلوم: $ABCD$ اور $A'B'C'D'$ دو متماثل دائرے ہیں۔ جن کے مراکز بالترتیب O اور O' ہیں

اور $\widehat{ADC} \cong \widehat{A'D'C'}$ یعنی $m\widehat{ADC} = m\widehat{A'D'C'}$

مطلوب: $m\overline{AC} = m\overline{A'C'}$

عمل: O کو A اور C سے، O' کو A' اور C' سے ملائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$ABCD$ اور $A'B'C'D'$ دو متماثل دائرے ہیں جن کے مراکز بالترتیب O اور O' ہیں۔	معلوم
$m\widehat{ADC} = m\widehat{A'D'C'}$	معلوم
اسلیے $m\angle AOC = m\angle A'O'C'$	متماثل دائروں میں متماثل یا لمبائی میں برابر قوسوں کے مرکزی زاویے
اب مثلثان AOC اور $A'O'C$ کی مطابقت میں	
$m\overline{OA} = m\overline{O'A'}$	متماثل دائروں کے رداس
$m\angle AOC = m\angle A'O'C'$	ثابت شدہ
$m\overline{OC} = m\overline{O'C'}$	متماثل دائروں کے رداس
$\therefore$ $\Delta AOC \cong \Delta A'O'C'$	S.A.S ≅ S.A.S

اور $m\overline{AC} = m\,\overline{A'C'}$ اِسی طرح یہ مسئلہ ایک ہی دائرے میں بھی ثابت کیا جاسکتا ہے۔	

مسئلہ 2

(عکس مسئلہ 1)

دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو وتر لمبائی میں برابر ہوں تو وہ دو متماثل قوسیں قطع کرتے ہیں۔



معلوم: $ABCD$ اور $A'B'C'D'$ دو متماثل دائرے ہیں جن کے مراکز بالترتیب O اور O' ہیں

اور $m\overline{AC} = m\overline{A'C'}$

مطلوب: $\widehat{ADC} \cong \widehat{A'D'C'}$ یا $m\widehat{ADC} = m\widehat{A'D'C'}$

عمل: O کو A اور C سے، O' کو A' اور C' سے ملائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$\Delta\, AOC$ اور $\Delta\, A'O'C'$ کی مطابقت میں	
$m\overline{OA} = m\overline{O'A'}$	متماثل دائروں کے رداس
$m\overline{OC} = m\overline{O'C'}$	متماثل دائروں کے رداس
$m\,\overline{AC} = m\,\overline{A'C'}$	معلوم
$\therefore$ $\Delta AOC \cong \Delta\, A'O'C'$	S.S.S ≅ S.S.S
اور $m\angle AOC = m\angle A'O'C'$	
پس $m\widehat{ADC} = m\widehat{A'D'C'}$	مقدار میں برابر مرکزی زاویوں کے سامنے قوسیں

مثال 1: ایک دائرے کا مرکز O ہے اور $\overline{AB}$ اس کا وتر ہے۔ دائرے پر موجود ایک نقطہ P اِس کے رداسوں $\overline{OA}$ اور $\overline{OB}$ سے یکساں فاصلے پر ہے۔ ثابت کریں کہ $m\widehat{AP} = m\widehat{BP}$

معلوم: مرکز O والے دائرے کا وتر $\overline{AB}$ ہے۔ دائرے پر موجود ایک نقطہ P اِسکے رداسوں $\overline{OA}$ اور $\overline{OB}$ سے یکساں فاصلے پر ہے یعنی $m\overline{PR} = m\overline{PS}$

مطلوب: $m\widehat{AP} = m\widehat{BP}$

عمل: نقطہ O کو P سے ملائیں۔ دی ہوئی شکل کے مطابق $\angle 1$ اور $\angle 2$ بنائیں۔



ثبوت:

دلائل	بیانات
	قائمۃ الزاویہ مثلثان OPR اور OPS میں
مشترک	$m\,\overline{OP} = m\,\overline{OP}$
معلوم	$m\,\overline{PR} = m\,\overline{PS}$
قائمۃ الزاویہ مثلثان میں $\text{H.S} \cong \text{H.S}$	$\therefore$ $\Delta OPR \cong \Delta\, OPS$
دائرے کے مرکزی زاویے	اور $m\,\angle 1 = m\,\angle 2$
مقدار میں برابر مرکزی زاویوں کے سامنے قوسیں	پَس $m\widehat{AP} = m\widehat{BP}$

مسئلہ 3

دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو وتر لمبائی میں برابر ہوں تو اُن سے بننے والے مرکزی زاویے مقدار میں برابر ہوتے ہیں۔



معلوم: دو متماثل دائروں ABC اور $A'B'C'$ کے مراکز بالترتیب O اور O' ہیں

اور $\overline{AC} \cong \overline{A'C'}$ یا $m\overline{AC} = m\overline{A'C'}$

مطلوب: $\angle AOC \cong \angle A'O'C'$

عمل: فرض کریں کہ اگر $m\angle AOC \neq m\angle A'O'C'$ ہو تو $\angle AOC \cong \angle A'O'D'$۔ $A'D'$ کو A' اور O' سے ملائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$\angle AOC \cong \angle A'O'D'$	عمل
اس لیے (i) $\widehat{AC} \cong \widehat{A'D'}$	متماثل دائروں میں متماثل مرکزی زاویوں کی قوسیں
(ii) $\overline{AC} \cong \overline{A'D'}$ یا $m\overline{AC} = m\overline{A'D'}$	مسئلہ 1 کی رو سے
لیکن (iii) $\overline{AC} \cong \overline{A'C'}$ یا $m\overline{AC} = m\overline{A'C'}$	معلوم
$\therefore$ $m\overline{A'C'} = m\overline{A'D'}$	(ii) اور (iii) کی رو سے
جو صرف تبھی ممکن ہے جب C' اور D' منطبق ہو جائیں۔	
پس (iv) $m\angle A'O'C' = m\angle A'O'D'$	
لیکن (v) $m\angle AOC = m\angle A'O'D'$	عمل
$m\angle AOC = m\angle A'O'C'$	(iv) اور (v) کی رو سے

نتیجہ صریح 1 : دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرے میں اگر دو مرکزی زاویے مقداروں میں برابر ہوں قطاع (Sectors) دائرے بھی برابر ہوتے ہیں۔

نتیجہ صریح 2 : دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرے میں اگر دو قوسیں لمبائیوں میں غیر برابر ہوں تو اِن سے بننے والے مرکزی زاویے بھی مقداروں میں غیر برابر ہوتے ہیں۔



مثال 1: کسی دائرے میں مرکزی زاویے کا اندرونی ناصف مرکزی زاویے سے بننے والی قوس کی تنصیف کرتا ہے۔

معلوم: O مرکز والے دائرے میں $\overline{OP}$ مرکزی زاویہ AOB کا اندرونی ناصف ہے۔

مطلوب: $\widehat{AP} \cong \widehat{BP}$ یا $m\widehat{AP} = m\widehat{BP}$

عمل: $\overline{AP}$ اور $\overline{BP}$ دو وتر کھینچیں شکل کے مطابق $\angle 1$ اور $\angle 2$ بنائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
میں $\Delta OAP \leftrightarrow \Delta OBP$	
$m\,\overline{OA} = m\,\overline{OB}$	ایک ہی دائرے کے رداس
$m\angle 1 = m\angle 2$	$\overline{OP}$ مرکزی زاویہ $\angle AOB$ کا ناصف ہے۔(معلوم)۔
اور $m\,\overline{OP} = m\,\overline{OP}$	مشترک
$\Delta OAP \cong \Delta OBP$	$(S.A.S \cong S.A.S)$
اور $\overline{AP} \cong \overline{BP}$	متماثل مثلثوں کے متماثل بازو
پس $\widehat{AP} \cong \widehat{BP}$	دائرے میں متماثل وتروں کے سامنے قوسیں

مثال 2: کسی دائرے میں قطروں کا کوئی جوڑا ایک دوسرے پر عمود ہو تو اِن کے سروں کو ترتیب وار ملانے سے مربع بنتا ہے۔



معلوم: O مرکز والے دائرے میں دو قطر $\overline{AC}$ اور $\overline{BD}$ ایک دوسرے پر عمود ہیں۔ قطروں کے سروں کو بالترتیب ملانے سے $ABCD$ ایک چوکور بنتی ہے۔

مطلوب: $ABCD$ ایک مربع شکل ہے۔

عمل: دی ہوئی شکل کے مطابق $\angle 1$، $\angle 2$، $\angle 3$، $\angle 4$، $\angle 5$ اور $\angle 6$ لکھیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$m\angle 1 = m\angle 2 = m\angle 3 = m\angle 4 = 90^\circ$	قطروں کا جوڑا ایک دوسرے پر عمود ہے۔ (معلوم)
اس لیے $m\widehat{AB} = m\widehat{BC} = m\widehat{CD} = m\widehat{DA}$	دائرے میں مساوی مرکزی زاویوں کی متقابلہ قوسیں
$m\,\overline{AB} = m\,\overline{BC} = m\overline{CD} = m\overline{DA}$ (i)	مساوی قوسوں کے وتر
نیز $m\angle A = m\angle 5 + m\angle 6$	
$45^\circ + 45^\circ = 90^\circ$ (ii)	
اِسی طرح	
$m\angle A = m\angle C = m\angle D = 90^\circ$ (iii)	
پس $ABCD$ ایک مربع ہے۔	(i) اور (ii) (iii) کی رو سے

مسئلہ 4

11.1(iv) دو متماثل دائروں یا ایک دائرہ میں اگر دو مرکزی زاویے مقدار میں برابر ہوں تو ان زاویوں کو بنانے والے وتر لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔



معلوم: دو مساوی دائروں $ABCD$ اور $A'B'C'D'$ کے مراکز بالترتیب O اور O' ہیں۔ $\overline{AC}$ اور $\overline{A'C'}$ دونوں دائروں کے بالترتیب وتر ہیں اور $m\angle AOC = m\angle A'O'C'$

مطلوب: $m\overline{AC} = m\overline{A'C'}$

ثبوت:

بیانات		دلائل
میں $\Delta OAC \longleftrightarrow \Delta O'A'C'$		
$m\overline{OA} = m\overline{O'A'}$		دو متماثل دائروں کے رداس
$m\angle AOC = m\angle A'O'C'$		معلوم
$m\overline{OC} = m\overline{O'C'}$		دو متماثل دائروں کے رداس
$\Delta OAC \cong \Delta O'A'C'$	اس لیے	$SAS \cong SAS$
$m\overline{AC} = m\overline{A'C'}$	پس	

مشق 11.1

-1 ایک دائرے میں دو مساوی قطر $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔ ثابت کریں کہ $m\ \overline{AD} = m\ \overline{BC}$

-2 ثابت کریں کہ کسی دائرے میں دو متوازی اور مساوی وتروں کے درمیان بننے والی قوسیں مساوی ہوتی ہیں۔

-3 ہندسی طور پر ثابت کریں کہ باہم تنصیف کرنے والے وتر دائرے کے قطر ہونگے۔

-4 ایک دائرے کا مرکز O ہے۔ اِس میں قوس ACB کا وسطی نقطہ C ہے۔ ثابت کریں کہ قطعہ خط $\overline{OC}$ وتر $\overline{AB}$ کی تنصیف کرتا ہے۔

متفرق مشق 11

کثیر الانتخابی سوالات

-1 دیے گئے سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ درست کے لیے (✓) لگائیں۔

(i) ایک 4 سم لمبائی والا وتر مرکز پر 60^o کا زاویہ بناتا ہے۔ دائرے کا رداس ________ ہو گا۔

(a) 1 سم (b) 2 سم

(c) 3 سم (d) 4 سم

(ii) ایک دائرے میں وتر اور رداس کی لمبائیاں برابر ہیں۔ وتر سے بننے والا مرکزی زاویہ ________ ہو گا۔

(a) 30^o (b) 45^o

(c) 60^o (d) 75^o

(iii) ایک دائرے کی دو متماثل قوسوں میں سے اگر ایک قوس کا مرکزی زاویہ 30^o ہو تو دوسری کا مرکزی زاویہ ________ ہوتا ہے۔

(a) 15^o (b) 30^o

(c) 45^o (d) 60^o

(iv) ایک قوس کا مرکزی زاویہ 40^o ہے اُسکے متعلقہ وتر کا مرکزی زاویہ ________ ہوتا ہے۔

(a) 20^o (b) 40^o

(c) 60^o (d) 80^o

(v) دو متماثل مرکزی زاویے جن دو وتروں سے بنتے ہیں۔ وہ آپس میں ________ ہوں گے۔

(a) متماثل (b) غیر متماثل

(c) متراکب (d) متوازی

(vi) ایک قوس کا مرکزی زاویہ 60^o ہے اُسکے وتر کا مرکزی زاویہ ________ ہو گا۔

(a) 20^o (b) 40^o

(c) 60^o (d) 80^o

(vii) دائرے کے نصف محیط کا مرکزی زاویہ ________ ہوتا ہے۔

(a) 90^o (b) 180^o

(c) 270^o (d) 360^o

(viii) اگر دائرے کا وتر مرکزی زاویہ 180^o بنائے تو وتر کی لمبائی ________ ہو گی۔

(a) رداس سے کم (b) رداس کے برابر

(c) رداس کا دوگنا (d) اِن میں سے کوئی نہیں

(ix) اگر ایک دائرے کا وتر مرکزی زاویہ 60^o بناتا ہے تب وتر اور رداس کی لمبائیاں آپس میں ________ ہوتی ہیں۔

(a) برابر (b) غیر برابر

(c) متوازی (d) عمود

(x) ایک دائرے میں دو غیر متماثل مرکزی زاویوں کے سامنے والی قوسیں ________ ہوتی ہیں۔

(a) متماثل (b) غیر متماثل

(c) متوازی (d) عمود

خلاصہ

- کسی دائرے میں گومنے والے نقطہ سے اُسی نقطہ تک بننے والا راستہ، **محیط** کہلاتا ہے جبکہ محیط کا ایک ٹکڑا دائرے کی **قوس** کہلاتا ہے۔
- محیط پر دیے ہوئے دو نقاط کو ملانے وَالا قطعہ خط دائرے کا **وَتر** ہوتا ہے۔
- دائرے کا وہ ٹکڑا جو اِسکی قوس اور متعلقہ وَتر نے گھیرا ہو **قطعہ دائرہ** کہلاتا ہے۔
- دائرہ کے دو رداسی قطعات اور اُن سے متعلقہ قوس سے گھرا ہوا علاقہ **دَائرے کا سیکٹر** کہلاتا ہے۔
- کسی دائرے کے مرکز سے گزرنے وَالا قطعہ خط وتر کی تنصیف کرے تو وہ وتر پر عمود ہو گا نیز قطعہ خط جو دائرے کے وتر کی عمودی تنصیف کرے۔ وہ دائرے کے مرکز سے گزرتا ہے۔
- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو قوسیں متماثل ہوں تو ان کے وتر کی لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔
- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو وتر لمبائی میں برابر ہوں تو وہ دو متماثل قوسیں قطع کرتے ہیں۔
- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو وتر لمبائی میں برابر ہوں تو ان سے بننے والے مرکزی زاویے بھی مقدار میں برابر ہوتے ہیں۔
- دو متماثل دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو مرکزی زاویے مقدار میں برابر ہوں تو ان زاویوں کو بنانے والے وتر لمبائی میں برابر ہوتے ہیں۔

یونٹ 12

قطعہ دائرہ میں زاویہ

(ANGLE IN A SEGMENT OF A CIRCLE)

طلباء اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد درجِ ذیل باتوں سے واقف ہوں گے

درج ذیل اثباتی مسائل بمعہ نتائج صریح کو ثابت کرنا اور متعلقہ سوالات حل کرنے کے لیے ان کا استعمال کرنا۔

- کسی دائرے میں قوس صغیرہ سے بننے والا مرکزی زاویہ مقدار میں اپنی متعلقہ قوس کبیرہ کے محصور زاویے سے دوگنا ہوتا ہے۔
- زاویے جو ایک ہی قطعہ دائرہ میں واقع ہوں، باہم برابر ہوتے ہیں۔
- زاویہ جو نصف قطعہ دائرہ میں ہو قائمہ زاویہ ہوتا ہے۔ جو نصف سے بڑے قطعہ دائرے میں ہو حادہ زاویہ ہوتا ہے اور جو نصف سے چھوٹے قطعہ دائرے میں ہو، منفرجہ زاویہ ہوتا ہے۔
- کسی دائرے کی دائروی چوکور کے متقابلہ زاویے سپلیمنٹری زاویے ہوتے ہیں۔

مسئلہ 1

12.1 (i) کسی دائرے میں قوسِ صغیرہ سے بننے والا مرکزی زاویہ مقدار میں اپنی متعلقہ قوسِ کبیرہ کے محصور زاویے سے دوگنا ہوتا ہے۔



معلوم: O مرکز والے دائرے میں $\widehat{AC}$ قوسِ صغیرہ ہے جبکہ $\angle AOC$ اِسکا مرکزی زاویہ اور متعلقہ قوسِ کبیرہ کا محصور زاویہ ABC ہے۔

مطلوب: $m\angle AOC = 2m\angle ABC$

عمل: نقطہ B کو O سے ملا کر اتنا بڑھائیں کہ یہ دائرہ کو نقطہ D پر قطع کرے۔ دی ہوئی شکل کے مطابق $\angle 1$، $\angle 2$، $\angle 3$، $\angle 4$، $\angle 5$ اور $\angle 6$ لکھیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
کیونکہ (i) $m\angle 1 = m\angle 3$	ΔOAB میں مساوی اضلاع کے مخالف زاویے
اور (ii) $m\angle 2 = m\angle 4$	ΔOBC میں مساوی اضلاع کے مخالف زاویے
اب (iii) $m\angle 5 = m\angle 1 + m\angle 3$	مثلث میں خارجہ زاویہ متقابلہ داخلہ زایوں کے مجموعہ کے برابر
اسی طرح (iv) $m\angle 6 = m\angle 2 + m\angle 4$	
$m\angle 5 = m\angle 3 + m\angle 3 = 2m\angle 3$ (v)	(i) اور (iii) کی رو سے
اور (vi) $m\angle 6 = m\angle 4 + m\angle 4 = 2m\angle 4$	(ii) اور (iv) کی رو سے
$m\angle 5 + m\angle 6 = 2m\angle 3 + 2m\angle 4$	(v) اور (vi) کو جمع کرنے سے
$m\angle AOC = 2(m\angle 3 + m\angle 4) = 2m\angle ABC$	شکل کے مطابق

مثال 1: ایک دائرے کا رداس $\sqrt{2}$ سم ہے۔ ایک 2 سم لمبائی کا وتر دائرے کو دو قطعات میں تقسیم کرتا ہے۔ ثابت کریں۔ کہ قطعہ کبیرہ میں زاویہ 45° بنتا ہے۔



معلوم: O مرکز والے ایک دائرے کا رداس $\sqrt{2}$ سم ہے۔ 2 سم لمبائی والے وتر $\overline{AB}$ دائرے کو دو قطعات میں تقسیم کرتا ہے۔

یعنی $m\overline{OA} = m\overline{OB}$ $\sqrt{2}$ سم دائرے کو دو قطعات میں تقسیم کرتا ہے۔ جس میں ACB قطعہ کبیرہ ہے۔

مطلوب: $m\angle ACB = 45^\circ$

عمل: نقطہ O کو A اور B سے ملائیں۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
$\Delta\, OAB$ میں	
$(OA)^2 + (OB)^2 = (\sqrt{2})^2 + (\sqrt{2})^2$	$m\overline{OA} = m\overline{OB} = \sqrt{2}$ سم
$= 2 + 2 = 4 = (2)^2 = (AB)^2$	(معلوم) $m\,\overline{AB} = 2$ سم
اس لیے ΔAOB ایک قائمۃ الزاویہ مثلث ہے	
جس میں $m\,\angle AOB = 90^\circ$	قوس AB سے بننے والا مرکزی زاویہ
تب $m\angle ACB = \frac{1}{2}\,m\angle AOB$	مسئلہ 1 کی رو سے مرکزی زاویہ محصور زاویے سے دوگنا
$= \frac{1}{2}(90^\circ) = 45^\circ$	

مسئلہ 2

12.1 (ii) زاویے جو ایک ہی قطعہ دائرہ میں واقع ہوں، باہم برابر ہوتے ہیں۔



معلوم: O مرکز والے دائرے میں $\angle\, ACB$ اور $\angle\, ADB$ محصور زاویے ہیں۔

مطلوب: $m\,\angle ACB = m\,\angle ADB$

عمل: نقطہ O کو A اور B سے ملائیں۔ اِس طرح قوس AB سے بننے والا مرکزی زاویہ AOB ہے۔

ثبوت:

بیانات	دلائل
دائرے کی قوس AB سے بننے والا مرکزی زاویہ AOB ہے	عمل

اور محصور زاویے ACB اور ADB ہیں۔	معلوم
اسلیے $\quad m\angle AOB = 2m\angle ACB \quad$ (i)	مسئلہ 1 کی رو سے
اور $\quad m\angle AOB = 2m\angle ADB \quad$ (ii)	مسئلہ 1 کی رو سے
$2m\angle ACB = 2m\angle ADB$	(i) اور (ii) کی رو سے
پس $\quad m\angle ACB = m\angle ADB$	

مسئلہ 3

12.1 (iii) زاویہ جو نصف قطعہ دائرہ میں ہو' قائمہ زاویہ ہوتا ہے۔ جو نصف سے بڑے قطعہ دائرے میں ہو، حادہ زاویہ ہوتا ہے اور جو نصف سے چھوٹے قطعہ دائرے میں ہو' منفرجہ زاویہ ہوتا ہے۔



شکل (I)   شکل (II)   شکل (III)

معلوم: O مرکز والے دائرے میں وتر $\overline{AB}$ کے لحاظ سے ADB قوس ہے۔ جبکہ AOB مرکزی زاویہ اور $\angle ACB$ محصور زاویہ ہے۔

مطلوب: شکل (I) میں اگر قطعہ دائرہ ACB نصف دائرہ ہے تو $m\angle ACB =$ قائمہ زاویہ

شکل (II) میں اگر قطعہ دائرہ ACB نصف دائرے سے بڑا ہے تو $m\angle ACB <$ قائمہ زاویہ

شکل (III) میں اگر قطعہ دائرہ ACB نصف دائرے سے کم ہے تو $m\angle ACB >$ قائمہ زاویہ

ثبوت:

بیانات	دلائل
O مرکز والے دائرے کی ہر شکل میں $\overline{AB}$ وتر ہے	معلوم
قوس ADB سے بننے والا مرکزی زاویہ AOB ہے۔	معلوم
جبکہ محصور زاویہ ACB ہے۔	مسئلہ 1 کی رو سے

$m\angle AOB = 2m\angle ACB$ (i)	
شکل (I) میں $m\angle AOB = 180^{o}$	
اس لیے $m\angle AOB = 2\,(90^{o})$ (ii)	
$m\angle ACB =$ قائمہ زاویہ	(i) اور (ii) کی رو سے
شکل (II) میں $m\angle AOB < 180^{o}$	
اس لیے $m\angle AOB <$ قائمہ زاویہ (iii)	
$m\angle ACB <$ قائمہ زاویہ	(i) اور (iii) کی رو سے
شکل (III) میں $m\angle AOB > 180^{o}$	
$\therefore$ $m\angle AOB >$ قائمہ زاویہ (iv)	
$m\angle ACB >$ قائمہ زاویہ	(i) اور (iv) کی رو سے

نتیجہ صریح 1: کسی دائرے کی ایک قوس سے بننے والے محصور زاویے برابر ہوتے ہیں۔

نتیجہ صریح 2: ایک ہی قطعہ دائرہ میں بننے والے زاویے باہم برابر ہوتے ہیں۔



مسئلہ 4

12.1 (iv) کسی دائرے کی دائروی چوکور کے متقابلہ زاویے، سپلیمنٹری زاویے ہوتے ہیں۔



معلوم: O مرکز والے دائرہ میں $ABCD$ ایک دائروی چوکور ہے۔

مطلوب: $\begin{cases} m\angle A + m\angle C = 180^{o} \\ m\angle B + m\angle D = 180^{o} \end{cases}$

عمل: نقطہ O کو A اور C سے ملائیں۔ شکل کے مطابق $\angle 1$، $\angle 2$، $\angle 3$، $\angle 4$، $\angle 5$ اور $\angle 6$ لکھیں۔

ثبوت:

دلائل	بیانات
O مرکزوَالے دائرے کی قوس ADC	قوس ADC سے بننے والا مرکزی زاویہ 2 ہے۔
	جبکہ محصور زاویہ B ہے۔
مسئلہ 1 کی رو سے	اس لیے (i) $m\angle B = \frac{1}{2}(m\angle 2)$
O مرکزوالے دائرے کی قوس ABC	قوس ABC سے بننے والا مرکزی زاویہ 4 ہے۔
	جبکہ محصور زاویہ D ہے۔
مسئلہ 1 کی رو سے	اس لیے (ii) $m\angle D = \frac{1}{2}(m\angle 4)$
(i) اور (ii) جمع کرنے سے	$m\angle B + m\angle D = \frac{1}{2}m\angle 2 + \frac{1}{2}m\angle 4$
(کلی مرکزی زاویہ) $m\angle 2 + m\angle 4 = 360^o$	$= \frac{1}{2}(m\angle 2 + m\angle 4)$
	یعنی، $m\angle B + m\angle D = \frac{1}{2}(4\angle rt) = 2\angle rt$
	اِسی طرح ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ $m\angle A + m\angle C = 2\angle rt$

نتیجہ صریح 1: دو مساوی دائروں یا ایک ہی دائرہ میں دو صغیرہ قوسیں مساوی ہوں تو متعلقہ دو کبیرہ قوسوں پر بننے وَالے محصور زاویے بھی مساوی ہونگے۔

نتیجہ صریح 2: اگر دو مساوی دائروں یا ایک ہی دائرہ میں اگر دو قوسیں برابر ہوں تو محصور زاویے آپس میں برابر ہوں گے۔ نیز اِس نتیجہ کا عکس بھی درست ہو گا۔

مثال 1: دو مساوی دائرے ایک دوسرے کو نقاط A اور B پر قطع کرتے ہیں۔ نقطہ B میں سے گزرتا ہوا ایک قطعہ خطِ دائرُوں کو بالترتیب نقاط P اور Q پر قطع کرتا ہے۔



معلوم: دو مساوی دائرے ایک دوسرے کو نقاط A اور B پر قطع کرتے ہیں۔ نقطہ B میں سے گزرتا ہوا ایک قطعہ خط PBQ دائروں کو بالترتیب نقاط P اور Q پر قطع کرتا ہے۔

مطلوب: $m\overline{AP} = m\overline{AQ}$

عمل: نقاط A اور B کو ملائیں۔ شکل کے مطابق ∠1 اور ∠2 لکھیں۔

ثبوت:

بیانات		دلائل
کیونکہ	$m\,\widehat{ACB} = m\widehat{ADB}$	مشترک وتر AB کے سامنے قوسوں کی لمبائی
اس لیے	$m\angle 1 = m\angle 2$	قوسوں کے متقابلہ زاویے
پس	$m\overline{AQ} = m\overline{AP}$	ΔAPQ میں مساوی زاویوں کے مقابل اضلاع
یا	$m\overline{AP} = m\overline{AQ}$	

مثال 2: اگر چوکور ABCD ایک دائرے کو محیط کیے ہوئے ہو تو ثابت کریں $m\overline{AB} + m\overline{CD} = m\overline{BC} + m\overline{DA}$



معلوم: O مرکز والے دائرے کو چوکور ABCD نے اس طرح محیط کیا ہے کہ چوکور کا ہر ضلع دائرے پر مماس ہے۔

مطلوب: $m\overline{AB} + m\overline{CD} = m\overline{BC} + m\overline{DA}$

عمل: $\overline{OF} \perp \overline{BC}$ ، $\overline{OE} \perp \overline{AB}$ ، $\overline{OG} \perp \overline{CD}$ اور $\overline{OH} \perp \overline{DA}$ کھینچیں۔

ثبوت:

بیانات		دلائل
(i)	$m\overline{AE} = m\overline{HA}$; $m\overline{EB} = m\overline{BF}$	کسی بیرونی نقطہ سے دائرے پر بنائے گئے مماس آپس میں برابر ہیں۔
(ii)	$m\overline{CG} = m\overline{FC}$ and $m\overline{GD} = m\overline{DH}$	
	$(m\overline{AE} + m\overline{EB}) + (m\overline{CG} + m\overline{GD})$	(i) اور (ii) کو جمع کرنے سے

$$= (m\overline{BF} + m\overline{FC}) + (m\overline{DH} + m\overline{HA})$$

یا $m\overline{AB} + m\overline{CD} = m\overline{BC} + m\overline{DA}$

مشق 12.1

-1 ثابت کریں کہ کسی دی ہوئی دائروی چوکور کے متقابلہ زاویوں کا مجموعہ 180° کے برابر ہے۔

-2 ثابت کریں کہ دائروی متوازی الاضلاع ایک مستطیل ہوگی۔

-3 O مرکز والے دائرے کے AOB اور COD دو متقاطع وتر ہیں۔ ثابت کریں کہ AOD اور BOC دو مساوی الزاویہ مثلثان ہیں۔

-4 $\overline{AD}$ اور $\overline{BC}$ کسی دائرے کے دو متوازی وَتر ہیں۔ ثابت کریں کہ

$\widehat{AB} \cong \widehat{CD}$ اور $\overline{AC} \cong \overline{BD}$

متفرق مشق 12

کثیر الانتخابی سوالات

-1 درج ذیل سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) کسی قائمۃ الزاویہ ΔABC میں $m\overline{AC} = 3$ سم، $m\overline{BC} = 4$ سم اور $m\angle C = 90^\circ$ اِس مثلث کے راسوں میں سے گزرنے والے دائرے کا رداس ہے۔

(a) 1.5 cm (b) 2.0 cm

(c) 2.5 cm (d) 3.5 cm

(ii) شکل میں AB ایک ہی قوس پر مرکزی اور محصور زاویے بنتے ہیں۔ تب

(a) $m\angle 1 = m\angle 2$

(b) $m\angle 1 = 2m\angle 2$

(c) $m\angle 2 = 3m\angle 1$

(d) $m\angle 2 = 2m\angle 1$



(iii) شکل میں اگر $m\angle 3 = 75^\circ$ تب $m\angle 1$ اور $m\angle 2$ معلوم کیجیے۔



(a) $37\frac{1}{2}^\circ , 37\frac{1}{2}^\circ$ (b) $37\frac{1}{2}^\circ , 75^\circ$

(c) $75^\circ, 37\frac{1}{2}^\circ$ (d) $75^\circ, 75^\circ$

(iv) دائرے کا مرکزی نقطہ O معلوم ہو تو نشان زدہ زاویہ x ہو گا۔



(a) $12\frac{1}{2}^\circ$ (b) 25°

(c) 50° (d) 75°

(v) دائرے کا مرکزی نقطہ O معلوم ہو تو نشان زدہ زاویہ y ہو گا۔



(a) $12\frac{1}{2}^\circ$ (b) 25°

(c) 50° (d) 75°

(vi) شکل میں دائرے کا مرکز O ہے اور $\overleftrightarrow{ABN}$ ایک خطِ مستقیم ہو تو منفرجہ زاویہ x، AOC ________ ہے۔



(a) 32° (b) 64°

(c) 96° (d) 128°

(vii) شکل میں دائرے کا مرکز O ہے تب زاویہ x ________ ہے۔



(a) 55° (b) 110°

(c) 220° (d) 125°

(viii) شکل میں دائرے کا مرکز O ہے تب زاویہ x ________ ہے۔



(a) 15° (b) 30°

(c) 45° (d) 60°

(ix) شکل میں دائرے کا مرکز O ہے تب x ________ ہے۔



(a) 15° (b) 30°

(c) 45° (d) 60°

(x) شکل میں دائرے کا مرکز O ہے تب x ________ ہے۔



(a) 50° (b) 75°

(c) 100° (d) 125°

خلاصہ

- ایک قوس دائرہ کے مرکز پر جو زاویہ بناتی ہے اسے **مرکزی زاویہ** کہتے ہیں۔
- مرکزی زاویہ دائرے کے مرکز پر دو راسوں اور ایک قوس سے بنتا ہے۔
- دائرے کی ایک قوس جو اس کے محیط پر زاویہ بناتی ہے اس کو **محاصر زاویہ** کہتے ہیں۔
- دائرے کے کوئی سے دو وتر جو محیط پر مشترک نقطہ پر ملیں ان سے بننے والا زاویہ **محاصر زاویہ** کہلاتا ہے۔
- وہ چوکور، **سائیکلک** کہلاتی ہے جس کے چاروں راسوں سے دائرہ کھینچا جا سکتا ہو۔
- کسی دائرے میں قوس صغیرہ سے بننے والا مرکزی زاویہ مقدار میں اپنی متعلقہ قوس کبیرہ کے محصور زاویے سے دو گنا ہوتا ہے۔
- زاویے جو ایک ہی قطعہ دائرہ میں واقع ہوں، باہم برابر ہوتے ہیں۔
- زاویہ جو نصف دائرہ میں ہو قائمہ زاویہ ہوتا ہے۔ جو نصف سے بڑے قطعہ دائرے میں ہو حادہ زاویہ ہوتا ہے۔ جو نصف سے چھوٹے قطعہ دائرے میں ہو، منفرجہ زاویہ ہوتا ہے۔
- کسی دائرے کی سائیکلک چوکور کے متقابلہ زاویے سپلیمنٹری زاویے ہوتے ہیں۔

یونٹ 13

عملی جیومیٹری۔ دائرے
(PRACTICAL GEOMETRY-CIRCLES)

طلباء اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد درجِ ذیل باتوں سے واقف ہوں گے

- دیے ہوئے دائرے کا مرکز دریافت کرنا۔
- دیے ہوئے تین غیر خطی (غیر ہم خط) نقاط سے گزرتا ہوا دائرہ کھینچنا۔
- ایک دائرہ مکمل کرنا جبکہ اس کے محیط کا ایک حصہ دیا ہوا ہو۔
  (i) مرکز معلوم کرکے (ii) بغیر مرکز معلوم کئے
- دی ہوئی مثلث پر محاصر دائرہ کھینچنا۔
- دی ہوئی مثلث کا محصور دائرہ کھینچنا۔
- دی ہوئی مثلث کا جانبی دائرہ کھینچنا۔
- دیے ہوئے دائرے پر محاصر مساوی الاضلاع مثلث بنانا۔
- دیے ہوئے دائرے کی محصور مساوی الاضلاع مثلث بنانا۔
- دیے ہوئے دائرے پر محاصر مربع بنانا۔
- دیے ہوئے دائرے کا محصور مربع بنانا۔
- دیے ہوئے دائرے پر منظم محاصر مسدس بنانا۔
- دیے ہوئے دائرے کی منظم محصور مسدس بنانا۔
- بغیر مرکز معلوم کئے دی ہوئی قوس کے درمیانی نقطے P سے مماس کھینچنا۔
- بغیر مرکز معلوم کئے دی ہوئی قوس کے کسی آخری نقطے P سے مماس کھینچنا۔
- بغیر مرکز معلوم کئے دی ہوئی قوس کے بیرونی نقطے P سے مماس کھینچنا۔
- نقطہ P جو دیئے ہوئے دائرے پر ہو، سے مماس کھینچنا۔
- نقطہ P جو دیے ہوئے دائرے کے باہر ہو، سے مماس کھینچنا۔
- دائرے کے دو مماس کھینچنا۔ جو باہم دیا ہوا زاویہ بناتے ہوں۔
- دو مساوی دائروں پر دو راست مشترک مماس کھینچنا اور دو مساوی دائروں پر دو معکوس مشترک مماس کھینچنا۔
- دو غیر مساوی دائروں پر دو راست مشترک مماس کھینچنا اور دو غیر مساوی دائروں پر دو معکوس مشترک مماس کھینچنا۔
- دو غیر مساوی مس کرتے ہوئے دائروں اور دو غیر مساوی قطع کرتے ہوئے دائروں پر مماس کھینچنا۔
- دائرہ کھینچنا (i) جو دیے ہوئے زاویہ کے دونوں بازوؤں کو مس کرے۔
  (ii) جو دو ہم نقطہ خطوط کے درمیانی نقطہ سے گزرے اور اسکے بازوؤں کو مس کرے۔
  (iii) جو تین ہم نقطہ خطوط کو مس کرے۔

تعارف (Introduction)

لفظ جیومیٹری دو یونانی الفاظ جیو (زمین) اور میٹرون (پیمائش) سے اخذ کیا گیا ہے۔ دراصل جیومیٹری کا مطلب زمین کی پیمائش ہے۔ جیومیٹری، ریاضی کی ایک اہم شاخ ہے جس میں شکلوں (Figures) کی بناوٹ (Shape)، جسامت (Size) اور حالت (Position) کے متعلق بحث ہوتی ہے۔ ہم اس یونٹ میں سادہ شکلوں جیسے نقطہ، سیدھی لائن، مثلث، کثیر الاضلاع اور دائرہ پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

جیومیٹری سے متعلق یونانی ریاضی دانوں (300-600 BC) کا نمایاں حصہ ہے۔ خاص طور پر اقلیدس کی مبادیات "Euclid's Elements" کو کئی صدیوں تک پوری دنیا میں بطور ٹیکسٹ بکس پڑھایا جاتا رہا۔

3.1 دائرے کی ساخت

کسی بھی رداس کا دائرہ ایک مخصوص نقطہ O سے پرکار گھمانے سے بنایا جاسکتا ہے۔

3.1(i) دیے گئے دائرے کا مرکز معلوم کرنا

معلوم: ایک دائرہ

ساخت کے اقدام:

-1 دو وتر $\overline{AB}$ اور $\overline{CD}$ کھینچیے۔

-2 وتر $\overline{AB}$ کا عمودی ناصف $\overleftrightarrow{EFG}$ کھینچا۔

-3 وتر $\overline{CD}$ کا عمودی ناصف $\overleftrightarrow{PQR}$ کھینچا۔

-4 عمودی ناصف $\overleftrightarrow{EFG}$ اور $\overleftrightarrow{PQR}$ ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطع کرتے ہیں۔ O دائرے کا مرکز ہے۔



شکل 13.1.1

3.1(ii) دیے ہوئے تین غیر خطی (غیر ہم خط) نقاط سے گزرتا ہوا دائرہ کھینچنا:

معلوم: تین غیر خطی (غیر ہم خط) نقاط A، B اور C ہیں۔

ساخت کے اقدام:

-1 A کو B سے اور B کو C سے ملائیں۔

-2 $\overline{AB}$ اور $\overline{BC}$ کے بالترتیب عمودی ناصف $\overleftrightarrow{LM}$ اور $\overleftrightarrow{PQ}$ کھینچیے۔ $\overleftrightarrow{LM}$ اور $\overleftrightarrow{PQ}$ ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطع کرتے ہیں۔

-3 نقطہ O سے رداس $m\overline{OA} = m\overline{OB} = m\overline{OC}$ کا دائرہ کھینچیں جو کہ مطلوبہ دائرہ ہے۔



شکل 13.1.2

13.1(iii-a) مرکز معلوم کرکے دائرہ مکمل کرنا جب محیط کا ایک حصہ دیا گیا ہو:



شکل 13.1.3

معلوم: $\widehat{AB}$ دائرے کے محیط کا حصہ ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 فرض کریں کہ چار نقاط C،D،E اور F (دی ہوئی قوس AB) پر لیے۔

-2 وتر $\overline{CD}$ اور $\overline{EF}$ کھینچیے۔

-3 وتر $\overline{CD}$ پر عمودی ناصف $\overleftrightarrow{PQ}$ اور وتر $\overline{EF}$ پر عمودی ناصف $\overleftrightarrow{LM}$ کھینچیے۔

-4 $\overleftrightarrow{LM}$ اور $\overleftrightarrow{PQ}$ ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطع کرتے ہیں۔

$\therefore$ نقاط A،B،C،D،E اور F نقطہ O سے مساوی فاصلے پر ہیں۔

-5 مرکز O اور رداس $(m\overline{OA} = m\overline{OB} = m\overline{OC} = m\overline{OD} = m\overline{OE} = m\overline{OF})$ سے کا دائرہ مکمل کریں۔ یہ دائرہ نقاط A،B،C،D،E اور F سے گزرے گا۔

13.1(iii-b) بغیر مرکز معلوم کیے دائرہ مکمل کرنا جبکہ اس کے محیط کا ایک حصہ دیا گیا ہو۔



شکل 13.1.4

معلوم: $\widehat{AB}$ دائرے کے محیط کا ایک حصہ ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 دو مناسب اور برابر لمبائی والے وتر $\overline{CD}$ اور $\overline{DE}$ لیں جن کے نقاط C،D اور E قوس $\widehat{AB}$ پر ہوں۔

-2 $\overline{CD}$ کو D' اور $\overline{DE}$ کو E' تک بڑھائیں تاکہ بیرونی زاویہ $D'DE'$ حاصل ہو۔

-3 بیرونی زاویہ $E'EF$ کو زاویے $D'DE'$ کے برابر بنائیں اور وتر $\overline{EF}$ کو $m\overline{CD}$ یا $m\overline{DE}$ کے برابر لیں۔ $\overline{EF}$ کو F' تک بڑھائیں۔

-4 بیرونی زاویہ $F'FG$ کو زاویے $E'EF'$ کے برابر بنائیں اور وتر $\overline{FG}$ کو $m\overline{CD}$ کے برابر لیں۔ $\overline{FG}$ کو G' تک بڑھائیں۔

-5 نقاط F اور G مطلوبہ دائرے کے محیط پر ہیں۔ نقطوں کے ذریعے $\widehat{EF}$ اور $\widehat{FG}$ کو شکل میں ظاہر کیا گیا ہے۔

-6 بیرونی برابر زاویوں کے عمل کو جاری رکھیں تاکہ دائرے کا محیط مکمل ہو جائے جیسا کہ شکل میں ظاہر کیا گیا ہے۔

نوٹ: اندرونی برابر زاویوں کی مدد سے بھی دائرے کے محیط کو مکمل کیا جاسکتا ہے۔

مشق 13.1

-1 کسی لمبائی کی ایک قوس کو تقسیم کریں۔
(i) دو برابر حصوں میں
(ii) چار برابر حصوں میں

-2 ایک قوس ABC کے مرکز کو عملی طور پر معلوم کریں۔

-3 (i) اگر کسی قوس کے دو وتروں $\overline{AB}$ اور $\overline{BC}$ کی لمبائیاں بالترتیب 3 سم اور 4 سم ہوں تو قوس کا مرکز معلوم کریں۔
(ii) اگر کسی قوس کے دو وتروں $\overline{AB}$ اور $\overline{BC}$ کی لمبائیاں بالترتیب 3.5 سم اور 5 سم ہوں تو قوس کا مرکز معلوم کریں۔

-4 ایک قوس کے وتروں $\overline{PQ}$ اور $\overline{QR}$ کے دو عمودی ناصف کھینچیں۔ نقاط P، Q اور R سے گزرتا ہوا دائرہ بنائیں۔

-5 6 سینٹی میٹر درمیانی فاصلہ والے نقاط A اور B سے گزرتا ہوا 5 سینٹی میٹر رداس کا دائرہ کھینچیں نیز دائرے کے مرکز سے $\overline{AB}$ کا فاصلہ معلوم کریں۔

-6 اگر $|\overline{AB}| = 4\ \text{cm}$ اور $|\overline{BC}| = 6\ \text{cm}$ ہوں اس طرح کہ $\overline{AB}$، $\overline{BC}$ پر عمود ہو $(\overline{AB} \perp \overline{BC})$ تو A، B اور C سے گزرتا دائرہ بنائیں نیز اس کا رداس معلوم کریں۔

13.2 کثیر الاضلاعوں سے منسلک دائرے:

13.2(i) دی ہوئی مثلث کے گرد دائرہ (محاصر دائرہ) بنانا:



شکل 13.2.1

معلوم: ABC ایک مثلث ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 ضلع $\overline{AB}$ پر عمودی ناصف $\overleftrightarrow{LMN}$ کھینچیں۔

-2 ضلع $\overline{AC}$ پر عمودی ناصف $\overleftrightarrow{PQR}$ کھینچیں۔

-3 $\overleftrightarrow{LN}$ اور $\overleftrightarrow{PR}$ ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطع کرتے ہیں۔

-4 O مرکز سے رداس $m\overline{OA} = m\overline{OB} = m\overline{OC}$ کا دائرہ کھینچیں۔

یہ دائرہ نقاط A، B اور C سے گزرے گا جبکہ O محاصر دائرہ کا محاصر مرکز ہے۔

یاد رکھیں کہ: مثلث ABC کے راسوں سے گزرتا ہوا دائرہ بطور محاصر دائرہ، اس کا رداس بطور محاصر رداس اور مرکز بطور محاصر مرکز پہچانے جاتے ہیں۔

13.2(ii) دی ہوئی مثلث کے اندر دائرہ (محصور دائرہ) بنانا۔



شکل 13.2.2

معلوم: ABC ایک مثلث ہے۔

ساخت کے اقدام:

1- زاویوں ABC اور ACB کی تنصیف کے لیے بالترتیب $\overrightarrow{BE}$ اور $\overrightarrow{CF}$ ناصف کھینچیں۔ شعاعیں $\overrightarrow{BE}$ اور $\overrightarrow{CF}$ ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطع کرتی ہیں۔

2- نقطہ O محصور دائرے کا مرکز ہے۔

3- نقطہ O سے $\overline{BC}$ پر $\overrightarrow{OP}$ عمود کھینچیں۔

مرکز O سے رداس $m\overline{OP}$ کا دائرہ کھینچیں۔ یہ دائرہ مثلث ABC کا محصور دائرہ ہے۔

یاد رکھیں کہ : کہ دائرہ جو مثلث کے ضلعوں کو اندرونی طور پر مس کرتا ہے۔ بطور محصور دائرہ پہچانا جاتا ہے۔ اس کا رداس بطور محصور رداس اور مرکز بطور محصور مرکز پہچانے جاتے ہیں۔

13.2(iii) دی ہوئی مثلث کا جانبی دائرہ بنانا۔

معلوم: ABC ایک مثلث ہے۔

ساخت کے اقدام:

1- مثلث ABC کے اضلاع $\overline{AB}$ اور $\overline{AC}$ کو آگے بڑھائیں۔

2- بیرونی زاویوں ABC اور ACB کے ناصف کھینچیں۔ بیرونی زاویوں کو یہ ناصف نقطہ I_1 پر ملتے ہیں۔

3- نقطہ I سے ضلع $\overline{BC}$ پر عمود کھینچیں۔ جو $\overline{BC}$ کو نقطہ D پر قطع کرتا ہے۔ $\overline{I_1D}$ جانبی دائرے کا رداس اور نقطہ I_1 مرکز ہے۔

4- مرکز I_1 سے رداس $m\overline{I_1D}$ کا دائرہ کھینچیں جو کہ ΔABC کے ضلع BC کو بیرونی اور بڑھے ہوئے اضلاع AB اور AC کو اندرونی طور پر مس کرے گا۔



شکل 13.2.3

جانبی دائرہ:

وہ دائرہ جو کسی مثلث کے ایک ضلع کو بیرونی طور پر اور بڑھے ہوئے دو اضلاع کو اندرونی طور پر چھوئے جانبی دائرہ (ای دائرہ) کہلاتا ہے۔ ای دائرے کا مرکز ای مرکز اور رداس ای رداس کہلاتے ہیں۔

13.2(iv) دیے ہوئے دائرے کے گرد مساوی الاضلاع مثلث بنانا:

معلوم: مناسب رداس کے دائرے کا مرکز O ہے۔

ساخت کے اقدام:

1- دائرے کا قطر $\overline{AB}$ کھینچیں۔

2- دائرے پر نقاط C اور D کو دریافت کرنے کے لیے مرکز A سے $m\overline{OA}$ رداس کی ایک قوس کھینچیں۔

3- دائرے کے رداس $\overline{OC}$ اور $\overline{OD}$ کھینچیں۔

4- دائرے پر نقاط B، C اور D پر مماس کھینچیں۔

5- مماسوں کو آگے بڑھائیں تاکہ وہ نقاط E، F اور G پر ملیں۔

دیے ہوئے دائرے کے گرد EFG مطلوبہ محاصر مثلث ہے۔



شکل 13.2.4

13.2(v) دیے ہوئے دائرے میں مساوی الاضلاع محصور مثلث بنانا:

معلوم: مرکز O کا ایک دائرہ۔

ساخت کے اقدام:

1- دائرے کا ایک قطر $\overline{AB}$ کھینچیں۔

2- نقطہ A سے رداس $\overline{OA}$ کی قوس کھینچیں۔ قوس دائرہ کو نقاط C اور D پر قطع کرتی ہے۔

3- نقاط B، C اور D کو ملائیں تاکہ قطعات $\overline{BC}$، $\overline{CD}$ اور $\overline{BD}$ حاصل ہوں۔

مثلث BCD مطلوبہ محصور مساوی الاضلاع مثلث ہے۔



شکل 13.2.5

13.2(vi) دیے ہوئے دائرے کا محاصر مربع بنانا:

معلوم: مرکز O کا ایک دائرہ۔

ساخت کے اقدام:

1- دو قطر $\overline{PR}$ اور $\overline{QS}$ کھینچیں جو ایک دوسرے کی عموداً تنصیف کرتے ہیں۔

2- نقاط P، Q، R اور S پر دائرے کے مماس کھینچیں۔

3- ان مماسوں کو آگے اس طرح بڑھائیں تاکہ وہ آپس میں نقاط A، B، C اور D پر ملیں۔ $ABCD$ مطلوبہ محاصر مربع ہے۔



شکل 13.2.6

13.2(vii) دیے ہوئے دائرے کا محصور مربع بنانا:

معلوم: مرکز O کا ایک دائرہ۔

ساخت کے اقدام:

1- دو قطر $\overline{AC}$ اور $\overline{BD}$ جو کہ ایک دوسرے کی عموداً تنصیف کرتے ہیں، کھینچیں۔

2- A کو B سے، B کو C سے، C کو D سے اور D کو A سے ملائیں۔

$ABCD$ دائرے کا مطلوبہ محصور مربع ہے۔



شکل 13.2.7

13.2(viii) دیے ہوئے دائرے کا محاصر مسدس بنانا:



شکل 13.2.8

معلوم: مرکز O کا ایک دائرہ۔

ساخت کے اقدام:

1- ایک قطر $\overline{AD}$ کھینچیں۔

2- نقطہ A سے رداس $\overline{AO}$ کی قوس کھینچیں جو دائرے کو نقاط B اور F پر کاٹتی ہے۔

3- B کو O سے ملائیں اور آگے بڑھائیں تاکہ دائرے کو نقطہ E پر ملے۔

4- F کو O سے ملائیں اور آگے بڑھائیں تاکہ دائرے کو نقطہ C پر ملے۔

5- نقاط A،B،C،D،E اور F پر دائرے کے مماس کھینچیں جو ایک دوسرے کو بالترتیب نقاط P،Q،R،S،T اور U پر قطع کریں۔

پس $PQRSTU$ مطلوبہ محاصر مسدس ہے۔

13.2(ix) دیے ہوئے دائرے کی محصور مسدس بنانا:



شکل 13.2.9(b)



شکل 13.2.9(a)

معلوم: مرکز O کا ایک دائرہ

ساخت کے اقدام:

-1 دائرے پر ایک نقطہ A لو اور اس کو O سے ملاؤ۔

-2 نقطہ A سے، رداس $\overline{OA}$ کی قوس کھینچیں جو دائرے کو نقاط B اور F پر قطع کرتی ہے۔

-3 نقاط O اور A کو نقاط B اور F سے ملائیں۔

-4 مثلثان OAB اور OAF مساوی الاضلاع مثلثیں ہیں۔ اس لیے زاویے AOB اور AOF کی مقدار 60° ہے۔ یعنی

$$m\overline{OA} = m\overline{AB} = m\overline{AF}$$

-5 $\overline{FO}$ کو بڑھائیں تاکہ وہ دائرے کو نقطہ C پر ملے۔ B کو C سے ملائیں کیونکہ $m\angle BOC = 60^\circ$ اس لیے

$$m\overline{BC} = m\overline{OA}$$

-6 C اور F سے رداس $\overline{OA}$ کی قوسیں لگائیں جو کہ دائرے کو نقاط D اور E پر قطع کرتی ہیں۔

-7 C کو D سے، D کو E سے اور E کو F سے ملائیں جس سے

$$m\overline{OA} = m\overline{OB} = m\overline{OC} = m\overline{OD} = m\overline{OE} = m\overline{OF}$$

پس شکل $ABCDEF$ دائرے کے اندر منظم مسدس ہے۔

مشق 13.2

-1 $\Delta\ ABC$ کا محاصر دائرہ بنائیں جب کہ اس کے اضلاع $\overline{AB}$، $\overline{BC}$ اور $\overline{CA}$ کی لمبائیاں بالترتیب 6 سم، 3 سم اور 4 سم ہوں۔ نیز اس کا محاصر رداس معلوم کریں۔

-2 ΔABC کا محصور دائرہ بنائیں جب کہ اس کے اضلاع $\overline{AB}$، $\overline{BC}$ اور $\overline{CA}$ کی لمبائیاں بالترتیب 5 سم، 3 سم اور 3 سم ہوں۔ نیز اس کا محصور رداس معلوم کریں۔

-3 راس A کے مقابل مثلث ABC کا جانبی دائرہ بنائیں جب کہ اس کے اضلاع $\overline{AB}$، $\overline{BC}$ اور $\overline{CA}$ کی لمبائیاں بالترتیب 6 سم، 4 سم اور 3 سم ہوں نیز اس کا رداس معلوم کریں۔

-4 مساوی الاضلاع مثلث ABC کا محاصر دائرہ بنائیں جب کہ اس کے ہر ضلع کی لمبائی 4 سم ہو۔

-5 مساوی الاضلاع مثلث ABC کا محصور دائرہ بنائیں جب کہ اس کے ہر ضلع کی لمبائی 5 سم ہو۔

-6 ایک قائمۃ الزاویہ مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سم، 4 سم، 5 سم ہیں۔ اس کے محاصر اور محصور دائرے بنائیں۔

-7 ایک دائرے کا رداس 4 سم ہے۔ اس کے اندر اور باہر مربع بنائیں۔

-8 ایک دائرے کا رداس 3.5 سم ہے۔ اس کے اندر اور باہر منظم مسدس بنائیں۔

-9 ایک دائرے کا رداس 3 سم ہے۔ اسکی محاصر منظم مسدس بنائیں۔

13.3 دائرے کا مماس

13.3(i) دی ہوئی قوس کے دیے ہوئے نقطہ P سے مرکز استعمال کیے بغیر مماس کھینچنا:

پہلی صورت : جب P قوس کا درمیانی نقطہ ہو۔



شکل 13.3.1(a)

معلوم: P قوس AB کا درمیانی نقطہ ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 A اور B کو ملائیں۔

-2 $\overline{AB}$ کا عمودی ناصف کھینچیں جو قوس AB کے وسطی نقطہ P اور $\overline{AB}$ کے وسطی نقطہ R سے گزرتا ہے۔

-3 نقطہ P پر قائمہ زاویہ TPR بنائیں۔

-4 $\overleftrightarrow{TP}$ کو P کی طرف S سے آگے بڑھائیں۔

پس $\overleftrightarrow{TPS}$ مطلوبہ مماس ہے۔

دوسری صورت : جب P قوس کا آخری نقطہ ہو۔



شکل 13.3.1(b)

معلوم: نقطہ P قوس کا آخری نقطہ ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 قوس PQR پر کوئی نقطہ A لیں۔

-2 نقاط A اور P کو ملائیں۔

-3 نقطہ A سے عمود $\overrightarrow{AS}$ کھینچیں جو قوس PQR کو نقطہ B پر قطع کرتا ہے۔

-4 نقاط B اور P کو ملائیں۔

-5 $\angle ABP$ کے برابر $\angle APD$ کھینچیں۔

-6 اب

$$\begin{aligned} m\angle BPD &= m\angle BPA + m\angle APD \\ &= m\angle BPA + m\angle ABP \quad [\because\ m\angle APD = m\angle ABP] \\ &= 90^\circ \end{aligned}$$

پس $\overleftrightarrow{PD}$ مطلوبہ مماس ہے۔

تیسری صورت : جب نقطہ P قوس سے باہر ہو۔



شکل 13.3.1 (c)

معلوم: نقطہ P قوس ABC کے برابر ہے جس کا مرکز نامعلوم ہے۔

ساخت کے اقدام:

1- نقطہ A کو P سے ملائیں۔ $\overline{AP}$، قوس ABC کو نقطہ E پر قطع کرتا ہے۔

2- $\overline{AP}$ کا درمیانی نقطہ M معلوم کریں۔

3- مرکز M سے رداس $|AM| = |MP|$ کا سیمی دائرہ بنائیں۔

4- نقطہ E پر عمود کھینچیں جو سیمی دائرے کو نقطہ D پر ملے۔

5- مرکز P سے رداس $|\overline{PD}|$ کی قوس کھینچیں۔

6- یہ قوس دی ہوئی قوس ABC کو نقطہ T پر قطع کرتی ہے۔

7- نقطہ P کو نقطہ T سے ملائیں۔

پس $\overrightarrow{PTQ}$ مطلوبہ مماس ہیں۔

13.3(ii-a) دائرے کے محیطی نقطہ P سے مماس کھینچنا۔



شکل 13.3.2(a)

معلوم: O دائرے کا مرکز ہے اور اس کے محیط پر کوئی نقطہ P ہے۔

ساخت کے اقدام:

1- نقطہ P کو مرکز O سے ملائیں، تاکہ $\overline{OP}$ دائرے کا رداس ہو۔

2- ایک خط TPS کھینچیں جو رداس $\overline{OP}$ پر عمود ہو۔

$\therefore$ $\overleftrightarrow{TPS}$ دائرے پر دیے ہوئے نقطہ P سے مطلوبہ مماس ہے۔

13.3(ii-b) دائرے سے ایک مماس کھینچنا جبکہ نقطہ P دائرے سے باہر ہو۔



شکل 13.3.2(b)

معلوم: O دائرے کا مرکز ہے اور کوئی نقطہ P دائرے سے باہر ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 نقطہ P کو مرکز O سے ملائیں۔

-2 $\overline{OP}$ کا وسطی نقطہ M معلوم کریں۔

-3 مرکز M سے قطر $\overline{OP}$ پر نصف دائرہ بنائیں۔ یہ نصف دائرہ دیے ہوئے دائرے کو نقطہ T پر کاٹتا ہے۔

-4 P کو T سے ملائیں اور $\overline{PT}$ کو دونوں اطراف میں بڑھائیں، تب $\overline{PT}$ مطلوبہ مماس ہے۔

13.3(iii) دائرے کے دو مماس کھینچیں جو کہ دیے ہوئے زاویہ پر ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔



شکل 13.3.3

معلوم: O دائرے کا مرکز ہے اور MNS دیا ہوا زاویہ ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 مرکز O والے دائرے کے محیط پر نقطہ A لیں۔

-2 نقاط O اور A کو ملائیں۔

-3 $m\angle COA$ کو $m\angle MNS$ کے برابر کھینچیں۔

-4 $\overline{CO}$ کو آگے بڑھائیں تاکہ دائرے کو B پر ملے۔

-5 $m\angle AOB = 180^{o} - m\angle COA$

-6 $\overline{OA}$ پر عمود $\overleftrightarrow{AD}$ کھینچیں۔

-7 $\overline{OB}$ پر عمود $\overleftrightarrow{BE}$ کھینچیں۔

-8 $\overleftrightarrow{AD}$ اور $\overleftrightarrow{BE}$ نقطہ P پر قطع کرتے ہیں۔

-9 $m\angle AOB + m\angle APB = 180^{o}$ یعنی $m\angle AOB = 180^{o} - m\angle APB$

-10 5 اور 9 کی رو سے

$$180^{o} - m\angle COA = 180^{o} - m\angle APB \;\Rightarrow m\angle COA = m\angle APB$$

$$\Rightarrow \quad m\angle APB = m\angle MNS \qquad (\because m\angle COA = m\angle MNS)$$

-11 $\overleftrightarrow{AP}$ اور $\overleftrightarrow{BP}$ مطلوبہ دو مماس ہیں جو دیے ہوئے زاویہ MNS پر ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔

13.3(iv-a) مساوی دائروں پر راست مشترک مماس کھینچنا۔



شکل 13.3.4 (*a*)

معلوم: مراکز O اور O' کے دو مساوی دائرے۔

ساخت کے اقدام:

1- مراکز O اور O' کو ملائیں۔

2- پہلے دائرے کا قطر AOB کھینچیں۔ تاکہ $\overline{AOB} \perp \overline{OO'}$

3- دوسرے دائرے کا قطر $A'O'B'$ کھینچیں تاکہ $\overline{A'O'B'} \perp \overline{OO'}$

4- $\overleftrightarrow{AA'}$ اور $\overleftrightarrow{BB'}$ کھینچیں جو کہ مطلوبہ مشترک مماس ہیں۔

13.3(iv-b) دو مساوی دائروں پر معکوس مشترک کھینچنا۔

معلوم: مراکز O اور O' کے دو مساوی دائرے۔



شکل 13.3.4 (b)

ساخت کے اقدام:

1- مراکز O اور O' کو ملائیں۔

2- $\overline{OO'}$ کا وسطی نقطہ M معلوم کریں۔

3- $\overline{MO'}$ کا وسطی نقطہ N معلوم کریں۔

4- مرکز N سے رداس $m\overline{MN}$ کا دائرہ کھینچیں جو مرکز O' کے دائرے کو نقاط P اور P' پر قطع کرے۔

5- نقاط M اور P سے گزرتا ہوا ایک خط کھینچیں جو دوسرے دائرے کو نقطہ Q پر مس کرے۔

6- نقاط M اور P' سے گزرتا ہوا ایک خط کھینچیں جو دوسرے دائرے کو نقطہ Q' پر چھوئے۔
پس $\overleftrightarrow{PQ}$ اور $\overleftrightarrow{P'Q'}$ دیے ہوئے دائرے کے معکوس مشترک مماس ہیں۔

13.3(v-a) دو غیر مساوی دائروں کے راست مشترک مماس کھینچنا۔



شکل 13.3.5 (*a*)

معلوم: دو غیر مساوی دائرے جن کے بالترتیب مراکز O، O' اور بالترتیب رداس r، r' $(r > r')$ ہیں۔

ساخت کے اقدام:

-1 نقاط O اور O' کو ملائیں۔

-2 قطر $\overline{OO'}$ کے درمیانی نقطہ M کو مرکز مان کر قطر OO' پر نیا دائرہ بنائیں۔

-3 ایک دائرہ جس کا مرکز ایک O ہے اور مرکز O سے رداس $r - r'$ کا ایک دوسرا دائرہ کھینچیں جو قطر OO' والے دائرے کو نقاط P اور Q پر قطع کرے۔

-4 قطعات $\overline{OP}$ اور $\overline{OQ}$ کو آگے بڑھائیں تا کہ مرکز O والے دائرے کو بالترتیب نقاط A اور B پر ملیں۔

-5 $\overrightarrow{O'A'} \parallel \overline{OA}$ اور $\overrightarrow{O'B'} \parallel \overline{OB}$ کھینچیں۔

-6 A کو A' اور B اور B' سے ملائیں۔ پس $\overleftrightarrow{AA'}$ اور $\overleftrightarrow{BB'}$ مطلوبہ راست مشترک مماس ہیں۔

13.3(v-b) دو غیر مساوی دائروں کے معکوس مشترک مماس کھینچنا۔



شکل 13.3.5 (*b*)

معلوم: دو غیر مساوی دائرے جن کے بالترتیب مراکز O، O' اور بالترتیب رداس r، r' ہیں۔

ساخت کے اقدام:

1- دیے ہوئے دائروں کے مراکز O اور O' کو ملائیں۔

2- $\overline{OO'}$ کا وسطی نقطہ M معلوم کریں۔

3- مرکز M سے قطر OO' پر ایک نیا دائرہ بنائیں۔

4- مرکز O سے رداس $r + r'$ کا ایک دوسرا دائرہ کھینچیں۔ جو قطر OO' والے دائرے کو نقاط P اور Q پر قطع کرے۔

5- O کو P اور Q سے ملائیں۔ قطعات $\overline{OP}$ اور $\overline{OQ}$ رداس r والے دائرے کو بالترتیب A اور B پر ملتے ہیں۔

6- $\overline{OA} \parallel \overrightarrow{O'A'}$ اور $\overline{OB} \parallel \overrightarrow{O'B'}$ کھینچیں۔

7- A کو B' سے اور A' اور B سے ملائیں۔ پس $\overleftrightarrow{AB'}$ اور $\overleftrightarrow{A'B}$ مطلوبہ معکوس مشترک مماس ہیں۔

13.3(vi-a) دو غیر مساوی مَس کرتے ہوئے دائروں پر مماس کھینچنا۔

پہلی صورت :



شکل صورت - I

معلوم: دو غیر مساوی اندرونی طور پر مَس کرتے ہوئے دائرے جن کے مراکز O اور O' ہیں۔

ساخت کے اقدام:

-1 O اور O' کو ملائیں۔ OO' کو نقطہ A تک آگے بڑھائیں۔ جہاں دونوں دائرے ایک دوسرے کو نقطہ A پر مس کرتے ہیں۔(شکل I)

-2 مماس، $\overline{OA}$ پر عمود ہوتا ہے۔

-3 نقطہ A سے $\overline{OA}$ پر عمود کھینچیں جو کہ مطلوبہ مماس ہے۔

دوسری صورت :



شکل صورت - II

13.3.6 (a)

معلوم: دو غیر مساوی بیرونی طور پر مس کرتے ہوئے دائرے جن کے مراکز O اور O' ہیں

ساخت کے اقدام:

-1 O کو O' سے ملائیں۔ OO' دونوں دائروں کو نقطہ B پر قطع کرتا ہے۔ جہاں یہ دائرے ایک دوسرے کو مس کرتے ہیں۔(شکل II)

-2 مماس، دائروں کے مراکز سے بننے والے قطعہ خط پر عمود ہوتا ہے۔

-3 نقطہ B سے $\overline{OO'}$ پر عمود کھینچیں جو کہ مطلوبہ مماس ہے۔

13.3(vi-b) دو غیر مساوی قطع کرتے ہوئے دائروں پر مماس کھینچنا۔

معلوم: دو قطع کرتے ہوئے دائرے جن کے مراکز A اور B ہیں۔

ساخت کے اقدام:

-1 ایک قطعہ خط AB لیں۔

-2 دو دائرے جن کے بالترتیب رداس r_1, r (جب کہ $r > r_1$) اور مراکز A، B ہوں، کھینچیں۔

-3 A کو مرکز مان کر رداس $r - r_1$ کا دائرہ کھینچیں۔

-4 قطعہ خط AB کی نقطہ M پر تنصیف کریں۔



شکل 13.3.6 (b)

-5 مرکز M سے رداس $m\overline{AM} = m\overline{BM}$ کا دائرہ کھینچیں جو رداس $r - r_1$ والے دائرے کو نقاط P اور Q پر قطع کرے۔

-6 A کو P سے ملائیں اور $\overline{AP}$ کو آگے بڑھائیں تاکہ وہ مرکز A والے دائرے کو D پر ملے۔ نیز A کو Q سے ملائیں اور $\overline{AQ}$ آگے بڑھائیں تاکہ مرکز A والے دائرے کو C پر ملے۔

-7 $\overline{AD}$ کے متوازی $\overrightarrow{BN}$ کھینچیں۔ جو مرکز B والے دائرے کو T پر قطع کرے۔

-8 نقاط D اور T کو ملاتا ہوا خط کھینچیں۔ $\overleftrightarrow{DT}$ دیے ہوئے دونوں دائروں کا مشترک مماس ہے۔

-9 $\overline{AB}$ کے دوسری طرف اسی عمل کو دہرائیں۔ $\overleftrightarrow{CT'}$ بھی دیے ہوئے دونوں دائروں کا مماس ہے۔

13.3(vii-a) ایک دائرہ جو دیے ہوئے زاویہ کے بازوؤں کو مس کرتا ہو، کھینچیں۔

معلوم: $\angle BAC$ ایک زاویہ ہے۔

ساخت کے اقدام:

-1 $\angle BAC$ کا ناصف $\overrightarrow{AD}$ کھینچیں۔

-2 $\overrightarrow{AD}$ پر کوئی نقطہ E لیں۔

-3 $\overrightarrow{AC}$ پر عمود $\overrightarrow{ET}$ کھینچیں جو $\overrightarrow{AC}$ کو نقطہ F پر قطع کرے۔

-4 مرکز E سے $m\overline{EF}$ رداس کا دائرہ کھینچیں۔

یہ دائرہ $\angle BAC$ کے دونوں بازوؤں کو چھوتا ہے۔



شکل 13.3.7 (a)

13.3(vii-b) دو ہم نقطہ خطوط کو مس کرے اور ان کے درمیانی نقطہ سے گزرے۔



شکل 13.3.7 (b)

معلوم: $\overleftrightarrow{BS}$ اور $\overleftrightarrow{CT}$ دو ہم نقطہ خطوط ہیں۔

ساخت کے اقدام:

-1 $\overleftrightarrow{BS}$ اور $\overleftrightarrow{CT}$ نقطہ A پر قطع کرتے ہیں۔

-2 $\angle BAC$ کا ناصف $\overrightarrow{AD}$ کھینچیں۔

-3 $\overrightarrow{AD}$ پر کوئی نقطہ E لیں۔

-4 $\overleftrightarrow{AB}$ پر عمود $\overline{EF}$ کھینچیں۔

-5 مرکز E سے رداس $m\overline{EF}$ کا دائرہ کھینچیں۔

-6 یہ دائرہ $\overleftrightarrow{AB}$ اور $\overleftrightarrow{AC}$ کو چھوتا ہے۔

-7 $\overrightarrow{AP}$ جو اس دائرے کو نقطہ H پر کاٹتا ہے، کھینچیں۔ نقطہ E اور نقطہ H کو ملائیں۔

-8 نقطہ P سے $\overrightarrow{PZ} \parallel \overline{HE}$ کھینچا۔ جو کہ $\overrightarrow{AD}$ کو نقطہ O پر قطع کرتا ہے۔

-9 مرکز O سے رداس $m\overline{OP}$ کا دائرہ کھینچیں یہ دائرہ دونوں خطوط کو چھوتا ہے۔

13.3(vii-c) تین ہم نقطہ خطوط کو چھوتا ہوا دائرہ کھینچنا۔

نوٹ: تین ہم نقطہ خطوط کو چھوتا ہوا دائرہ کھینچنا ناممکن ہے۔

مشق 13.3

-1 ایک قوس ABC میں وتر $\overline{BC}$ کی لمبائی 2 سم ہے۔ قطعہ خط PBC کھینچیں جس کی لمبائی 8 سم ہے۔ جب کہ نقطہ P قوس سے باہر ہے۔ نقطہ P سے قوس پر مماس کھینچیں۔

-2 8 سم قطر کا ایک دائرہ بنائیں۔ محیط سے 5 سم کی دوری پر نقطہ C کو ظاہر کریں۔ نقطہ C سے دائرے کا مرکز استعمال کئے بغیر، مماس کھینچیں۔

-3 رداس 2 سم کا دائرہ بنائیں۔ ایک دوسرے کے ساتھ 60° کا زاویہ بنانے والے دو مماس کھینچیں۔

-4 3 سم رداس والے دائرے کے دو عمودی مماس کھینچیں۔

-5 دو مساوی دائرے 8 سم کے فاصلہ پر ہیں۔ ان دائروں کے راست مشترک مماس کھینچیں۔

-6 2.4 سم رداس والے دو مساوی دائرے کھینچیں۔ اگر ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ 6 سم ہو تو ان کے معکوس مماس کھینچیں۔

-7 دو دائرے کھینچیں جن کے رداس 2.5 سم اور 3 سم ہیں۔ اگر ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ 6.5 سم ہو تو دو راست مشترک مماس کھینچیں۔

-8 دو دائرے کھینچیں جن کے رداس 3.5 سم اور 2 سم ہیں۔ اگر ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ 6 سم ہو تو دو معکوس مشترک مماس کھینچیں۔

-9 دو مس کرتے ہوئے دائروں کے رداس 2.5 سم اور 3.5 سم ہیں۔ ان کے دو مشترک مماس کھینچیں۔

-10 دو قطع کرتے ہوئے دائروں کے رداس 3 سم اور 4 سم ہیں۔ ان کے دو مشترک مماس کھینچیں۔

-11 دائرہ کھینچیں جو دیے گئے زاویوں کے دونوں بازوؤں کو چھوتے ہوں:

(i) 45° (ii) 60°

متفرق مشق 13

کثیر الانتخابی سوالات

-1 صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) دائرے کا محیط کہلاتا ہے۔

(a) وتر (b) قطعہ (c) سرحد

(ii) دائرے کو قطع کرتا خط کہلاتا ہے۔

(a) مماس (b) خطِ قاطع (c) وتر

(iii) ایک دائرے کا حصہ جو ایک قوس اور دو رداسوں کے درمیان ہو، کہلاتا ہے۔

(a) قطعاع دائرہ یا سیکٹر (b) قطعہ (c) وتر

(iv) نصف دائرے میں محصور زاویہ ہوتا ہے۔

(a) $\frac{\pi}{2}$ (b) $\frac{\pi}{3}$ (c) $\frac{\pi}{4}$

(v) ایک دائرے کے قطر کی لمبائی دائرے کے رداس کے کتنے گنا ہوتی ہے؟

(a) 1 گنا (b) 2 گنا (c) 3 گنا

(vi) دائرے کا مماس اور رداس کا ایک دوسرے

(a) کے متوازی (b) پر عمود نہیں (c) پر عمود

(vii) دائرے جو تین مشترک نقاط رکھتے ہوں۔

(a) متراکب ہونا (b) ہم خطی (c) منطبق نہ ہونا

(viii) جب دو دائرے ایک دوسرے کو مس کرتے ہوں تو ان کے مراکز اور ملنے والا نقطہ ہوتے ہیں۔

(a) منطبق (b) غیر ہم خطی (c) ہم خطی

(ix) ایک مسدس کے بیرونی زاویے کی مقدار ہوتی ہے۔

(a) $\frac{\pi}{3}$ (b) $\frac{\pi}{4}$ (c) $\frac{\pi}{6}$

(x) اگر محصور مرکز اور محاصر مرکز منطبق ہوں تو مثلث ہوتی ہے۔

(a) مساوی الساقین (b) قائمۃ الزاویہ مثلث (c) مساوی الاضلاع

(xi) ایک منظم مثمن کے بیرونی زاویوں کی مقدار ہوتی ہے۔

(a) $\frac{\pi}{4}$ (b) $\frac{\pi}{6}$ (c) $\frac{\pi}{8}$

(xii) دائرے کے قطر کے سروں پر مماس ہوتے ہیں۔

(a) متوازی (b) عمود (c) قاطع

(xiii) دو دائروں پر دو معکوس مماس کی لمبائیاں ہوتی ہیں۔

(a) غیر برابر (b) برابر (c) متراکب

(xiv) دائرے کے باہر نقطہ سے کتنے مماس کھینچے جاسکتے ہیں۔

(a) 1 (b) 2 (c) 3

(xv) اگر دو دائروں کے مراکز کا درمیانی فاصلہ رداسوں کے مجموعہ کے برابر ہو تو دائرے ہوں گے۔

(a) قطع کرتے ہیں (b) قطع نہیں کرتے

(c) ایک دوسرے کو بیرونی طور پر مس کرتے ہیں

(xvi) اگر دو دائرے ایک دوسرے کو بیرونی طور پر چھوتے ہوں تو ان کے مراکز کا درمیانی فاصلہ برابر ہوتا ہے۔

(a) رداسوں کا فرق (b) رداسوں کا مجموعہ (c) رداسوں کا حاصل ضرب

(xvii) دو مس کرتے ہوئے دائروں کے کتنے مشترک مماس بنائے جاسکتے ہیں؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4

(xviii) دو غیر متقاطع دائروں کے کتنے مشترک مماس کھینچے جاسکتے ہیں؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4

-2 دیے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

(i) مندرجہ ذیل کی تعریف لکھیں اور اشکال بنائیں۔

(a) دائرے کا قطعہ　　(b) دائرے کا مماس

(c) دائرے کا سیکٹر (یا قطعاع دائرہ)　　(d) محصور دائرہ

(e) محاصر دائرہ　　(f) جانبی دائرہ

(ii) ایک منظم مثمن کے ضلع کی لمبائی 3 سم ہے۔ اس کا احاطہ معلوم کریں۔

(iii) n- ضلعی کثیر الاضلاع کے اندر موجود زاویہ معلوم کرنے کا کلیہ معلوم کریں۔

(iv) ایک منظم مخمس کے ضلع کی لمبائی 5 سم ہے اس کا احاطہ کیا ہے؟

-3 خالی جگہ پُر کریں۔

(i) دائرے کی سرحد کو __________ کہا جاتا ہے۔

(ii) دائرے کے محیط کو دائرے کی __________ کہا جاتا ہے۔

(iii) دائرے کے دو نقاط کو ملانے والا خط __________ کہلاتا ہے۔

(iv) دائرے کے دو غیر متوازی وتروں کے عمودی ناصف کے نقطہ تقاطع کو __________ کہا جاتا ہے۔

(v) دائرے جن کے تین نقاط مشترک ہوں تو وہ __________ ہونگے۔

(vi) نقطہ جو دائرے کے اندر ہو۔ اس کا مرکز سے فاصلہ رداس سے __________ ہوتا ہے۔

(vii) نقطہ جو دائرے کے باہر ہو۔ اس کا مرکز سے فاصلہ رداس سے __________ ہوتا ہے۔

(viii) دائرے کا صرف __________ مرکز ہوتا ہے۔

(ix) صرف اور صرف ایک دائرہ تین __________ نقاط سے کھینچا جا سکتا ہے۔

(x) نصف دائرہ میں محصور زاویہ __________ زاویہ ہوتا ہے۔

(xi) اگر دو دائرے ایک دوسرے کو مس کریں تو نقطہ __________ اور __________ ہم خط ہوتے ہیں۔

(xii) اگر دو دائرے ایک دوسرے کو مس کریں تو ان کا نقطہ تماس اور مراکز __________ ہوتے ہیں۔

(xiii) دائرے سے باہر نقطہ سے __________ مماس کھینچے جا سکتے ہیں۔

(xiv) مماس، نقطہ تماس سے دائرے کے رداس پر __________ ہوتا ہے۔

(xv) سیدھا خط جو دائرے کے رداس پر عمود ہو تو وہ دائرے کا __________ کہلاتا ہے۔

(xvi) دو دائرے ایک دوسرے کو __________ نقاط سے زیادہ پر نہیں کاٹتے۔

(xvii) ایک دائرے کے وتر کا عمودی ناصف __________ سے گزرتا ہے۔

(xviii) دو دائروں کے راست مشترک مماسوں کی لمبائی ایک دوسرے کے __________ ہوتی ہے۔

(xix) دو دائروں کے معکوس مشترک مماسوں کی لمبائی ایک دوسرے کے __________ ہوتی ہے۔

(xx) اگر مثلث کا محصور مرکز اور محاصر مرکز منطبق ہوتے ہوں تو مثلث __________ ہوتی ہے۔

(xxi) دو متقاطع دائرے __________ نہیں ہوتے۔

(xxii) محصور دائرے کا مرکز __________ کہلاتا ہے۔

(xxiii) محاصر دائرے کا مرکز __________ کہلاتا ہے۔

(xxiv) محصور دائرے کا رداس __________ کہلاتا ہے۔

(xxv) محاصر دائرے کا رداس __________ کہلاتا ہے۔

خلاصہ

- کسی رداس کا دائرہ، پرکار کو کسی معین نقطے پر گھمانے سے ٹریس (Trace) کیا جاسکتا ہے۔
- دائرے کے دو غیر متوازی وتروں کے عمودی ناصف جس نقطہ پر ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔ وہ نقطہ دائرے کا مرکز ہوتا ہے۔
- دیے ہوئے تین غیر ہم خط نقاط سے دائرہ کھینچا جاسکتا ہے۔
- جب دائرے کے محیط کا ایک حصہ دیا ہوا ہو تو اس دائرے کو مکمل کیا جاسکتا ہے۔
- اگر مثلث دی ہوئی ہو تو محاصر دائرہ، محصور دائرہ اور ہر راس کے مقابل جانبی دائرہ بنایا جاسکتا ہے۔
- اگر ایک دائرہ دیا ہوا ہو تو محاصر اور محصور مساوی الاضلاع مثلثیں بنائی جاسکتی ہیں۔
- دیے ہوئے دائرے کے لیے محاصر اور محصور مربعے بنائے جاسکتے ہیں۔
- دیے ہوئے دائرے کے لیے محاصر اور محصور منظم مسدس بنائی جاسکتی ہیں۔
- ہم کسی دی ہوئی قوس کے لیے اس کے درمیانی نقطہ، اس کے کسی آخری نقطہ اور وہ نقطہ جو اس پر نہ ہو، مماس کھینچ سکتے ہیں۔
- دیے ہوئے دائرے کے محیط پر نقطہ ہو یا نقطہ دائرے کے باہر ہو، مماس کھینچے جاسکتے ہیں۔
- دو غیر مساوی مس کرتے ہوئے دائروں کا مماس ٹریس (Trace) کیا جاسکتا ہے۔
- دو مساوی دائروں یا دو غیر مساوی دائروں کے راست یا معکوس مشترک مماس کھینچے جاسکتے ہیں۔
- ہم دیے ہوئے زاویہ کے بازوؤں کو مس کرتا ہوا دائرہ بنا سکتے ہیں۔
- ہم، دو ہم نقطہ خطوط کے درمیانی نقطہ سے گزرتے ہوئے اور ان خطوط کو مس کرتے ہوئے دائرے کو ٹریس (Trace) کر سکتے ہیں۔

جوابات

یونٹ 1: دودرجی مساواتیں

مشق 1.1

1. (i) دودرجی, $x^2 + 4x - 14 = 0$ (ii) دودرجی, $7x^2 - 3x + 7 = 0$
   (iii) دودرجی, $4x^2 + 4x - 1 = 0$ (iv) پیور, $x^2 - 1 = 0$
   (v) پیور, $x^2 - 20 = 0$ (vi) دودرجی, $x^2 + 29x + 66 = 0$

2. (i) $\{-4, 5\}$ (ii) $\left\{0, \frac{-5}{2}\right\}$ (iii) $\left\{-2, \frac{2}{17}\right\}$
   (iv) $\{-8, 19\}$ (v) $\{3, -4\}$ (vi) $\left\{\frac{3}{2}, 5\right\}$

3. (i) $\left\{\frac{-1 \pm 2\sqrt{2}}{7}\right\}$ (ii) $\left\{\frac{-2 \pm \sqrt{a^2 + 4}}{a}\right\}$ (iii) $\left\{3, \frac{1}{11}\right\}$
   (iv) $\left\{\frac{-m \pm \sqrt{m^2 - 4ln}}{2l}\right\}$ (v) $\left\{0, \frac{-7}{3}\right\}$ (vi) $\{-13, 15\}$
   (vii) $\left\{-5, \frac{3}{2}\right\}$ (viii) $\left\{-\frac{1}{2}, -\frac{33}{2}\right\}$ (ix) $\{1,3\}$
   (x) $\{-3a, 4a\}$

مشق 1.2

1. (i) $\left\{\frac{-7 \pm \sqrt{57}}{2}\right\}$ (ii) $\left\{\frac{-4 \pm \sqrt{11}}{5}\right\}$ (iii) $\left\{\sqrt{3}, -\frac{4}{\sqrt{3}}\right\}$
   (iv) $\left\{\frac{3 \pm \sqrt{233}}{8}\right\}$ (v) $\left\{-\frac{1}{3}, \frac{3}{2}\right\}$ (vi) $\left\{\frac{-4 \pm \sqrt{10}}{3}\right\}$
   (vii) $\{3,7\}$ (viii) $\left\{3, \frac{-4}{5}\right\}$
   (ix) $\left\{(a + b), \frac{1}{2}(a + b)\right\}$ (x) $\left\{1, \frac{l + m}{l}\right\}$

مشق 1.3

1. $\left\{\pm\frac{1}{\sqrt{2}}, \pm\sqrt{5}\right\}$ 2. $\left\{\pm\frac{1}{\sqrt{2}}, \pm 2\right\}$ 3. $\left\{\frac{16}{625}, 1\right\}$
4. $\{216, 729\}$ 5. $\left\{\frac{3}{5}, 1\right\}$ 6. $\{-1, 0, 1\}$

7.	$\{6\}$	8.	$\left\{\pm\frac{5}{4}\right\}$	9.	$\left\{-7a, \frac{a}{7}\right\}$
10.	$\{\pm 1, 1 \pm \sqrt{2}\}$	11.	$\left\{1, -2, -\frac{1}{2}\right\}$	12.	$\{-3,0\}$
13.	$\{0, -1\}$	14.	$\{2,4\}$	15.	$\{1, 3, 2 \pm \sqrt{33}\}$
16.	$\{-4,-2,5,7\}$				

مشق 1.4

1.	$\left\{-1, -\frac{9}{4}\right\}$	2.	$\{1\}$, $\left(\frac{-2}{9}\right.$ فالتوروٹ$\left.\right)$	3.	$\left\{\frac{5}{16}\right\}$, $(-1$ فالتوروٹ$)$
4.	$\{7\}$, $(-12$ فالتوروٹ$)$	5.	$\{4\}$	6.	$\{3\}$
7.	ϕ یا $\{\ \}$	8.	$\{0\}$, $(-3a$ فالتوروٹ$)$	9.	$\left\{\frac{-1 \pm \sqrt{6}}{2}\right\}$
10.	$\left\{\frac{-3 \pm \sqrt{2}}{2}\right\}$	11.	$\{-3, 0\}$		

متفرق مشق 1

.1 کثیر الانتخابی سوالات:

(i) (*b*)　(ii) (*c*)　(iii) (*c*)　(iv) (*a*)
(v) (*c*)　(vi) (*b*)　(vii) (*a*)　(viii) (*c*)
(ix) (*a*)

.2 مختصر جوابات:

(i) $-1 \pm \sqrt{3}$　(ii) 0, 3　(iii) $3x^2 - 2x - 48 = 0$
(iv) (a) تجزی (b) تکمیل مربع (c) دودرجی کلیہ　(v) $\frac{-1}{2}, 1$　(vi) $-3, 6$

.3 خالی جگہ پُر کریں۔

(i) $ax^2 + bx + c = 0$　(ii) 3　(iii) تکمیل مربع
(iv) $\frac{-b \pm \sqrt{b^2 - 4ac}}{2a}$　(v) $\left\{\pm\frac{1}{5}\right\}$　(vi) قوت نما
(vii) $\{\pm 3\}$　(viii) معکوس　(ix) فالتوروٹ
(x) جذری علامت

مشق 2.1

1. (i) 17 (ii) −8 (iii) 0 (iv) 81

2. (i) حقیقی، ناطق اور نابرابر, $x = 8, 15$ (ii) خیالی, $x = \frac{-3 \pm \sqrt{-47}}{4}$

(iii) حقیقی اور برابر, $x = \frac{3}{4}$ (iv) حقیقی، غیر ناطق اور نابرابر, $x = \frac{-7 \pm \sqrt{205}}{6}$

3. $k = -\frac{1}{3}, 1$ 4. (i) $k = 2, \frac{2}{3}$ (ii) $k = -1, 0$ (iii) $k = 1$

6. $a = mc$

مشق 2.2

1. (i) $-1, -\omega, -\omega^2$ (ii) $2, 2\omega, 2\omega^2$

(iii) $-3, -3\omega, -3\omega^2$ (iv) $4, 4\omega, 4\omega^2$

2. (i) 128 (ii) 1024 (iii) 125 (iv) 24

(v) 128 (vi) 2 (vii) −6 (viii) −1

مشق 2.3

1. (i) $S = 5, P = 3$ (ii) $S = -\frac{7}{3}, P = \frac{-11}{3}$

(iii) $S = \frac{q}{p}, P = \frac{r}{p}$ (iv) $S = \frac{a}{a+b}, P = \frac{b}{a+b}$

(v) $S = -\frac{m+n}{l+m}, P = \frac{n-l}{l+m}$ (vi) $S = \frac{5m}{7}, P = \frac{9n}{7}$

2. (i) $k = \frac{3}{8}$ (ii) $k = \frac{2}{3}$

3. (i) $k = \frac{64}{23}$ (ii) $k = -1, 2$

4. (i) $p = 0$ (ii) $p = \frac{13}{4}$

5. (i) $m = -55$ (ii) $m = 5$ (iii) $m = -\frac{10}{7}$

6. (i) $m = \frac{3}{2}$ (ii) $m = 1$

مشق 2.4

1. (i) $p^2 - 2q$ (ii) $q\,(p^2 - 2q)$ (iii) $\frac{1}{q}\,(p^2 - 2q)$

2. (i) $\frac{5}{6}$ (ii) $\frac{9}{4}$ (iii) $\frac{5}{9}$ (iv) $-\frac{235}{96}$

3. (i) $\frac{-mn^2}{l^3}$ (ii) $\frac{1}{n^2}\,[m^2 - 2ln]$

مشق 2.5

1. (a) $x^2 - 6x + 5 = 0$ (b) $x^2 - 13x + 36 = 0$
   (c) $x^2 - x - 6 = 0$ (d) $x^2 + 3x = 0$
   (e) $x^2 + 4x - 12 = 0$ (f) $x^2 + 8x + 7 = 0$
   (g) $x^2 - 2x + 2 = 0$ (*h*) $x^2 - 6x + 7 = 0$

2. (a) $x^2 - 8x + 31 = 0$ (b) $x^2 + 3x + 36 = 0$
   (c) $6x^2 - 3x + 1 = 0$ (d) $2x^2 + x + 2 = 0$
   (e) $2x^2 - 7x + 3 = 0$

3. (a) $x^2 - (p^2 - 2q)\,x + q^2 = 0$ (b) $qx^2 - (p^2 - 2q)\,x + q = 0$

مشق 2.6

1. (i) $Q(x) = x + 6\;;\; R = -7$ (ii) $Q(x) = 4x^2 - 12x + 31\;;\; R = -78$
   (iii) $Q(x) = x^2 + 3x + 3\;;\; R = 8$

2. (i) $h = \frac{7}{3}$ (ii) $h = 6$ (iii) $h = -5$

3. (i) $l = -\frac{3}{2},\; m = -18$ (ii) $l = 2\;,\; m = -\frac{1}{2}$

4. (i) $-6, 2, 4$ (ii) $-2, \frac{1}{2}, 3$ (iii) $\frac{-3}{4}, -1, 2$

5. (i) $-3, -1, 1, 3$ (ii) $-4, -2, 1, 3$

مشق 2.7

1. $\{(4, 1), (-6, 11)\}$ 2. $\{(1, 1), (-5, -8)\}$

3. $\left\{(2, -5), \left(\frac{7}{2}, \frac{-7}{2}\right)\right\}$ 4. $\left\{(a, -b), \left(\frac{a-b}{2}, \frac{a-b}{2}\right)\right\}$

5. $\{(-3, 2), (-1, -2)\}$ 6. $\{(0, 1), (-3, -2)\}$

7. $\{(\pm 2, \pm 3)\}$ 8. $\{(\pm 2, \pm\sqrt{2})\}$

9. $\{(\pm 1, \pm 1)\}$ 10. $\left\{\left(\frac{5}{3}, \frac{-1}{3}\right), \left(\frac{-5}{3}, \frac{1}{3}\right), (1, 1), (-1, -1)\right\}$

11. $\left\{(3, 1), (-3, -1), \left(\frac{-4\sqrt{6}}{3}, \sqrt{6}\right), \left(\frac{4\sqrt{6}}{3}, -\sqrt{6}\right)\right\}$

